Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ عوام کی بے ساختہ للکار ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 14 | جمعۃ المبارک، 12 مئی، 2023ء، 21 شوال المکرم 1444ھ، قیمت 20 روپے | شمارہ 30

جلد صحت یابی کیلئے دعا، محسن نقوی نے سروسز ہسپتال میں سرجری کرانے والے ڈی آئی جی آپریشنز علی ناصر رضوی کی خیریت دریافت کی

محسن نقوی نے سروسز ہسپتال اور CMH میں زخمی پولیس افسر اور جوانوں کی عیادت کی

افسروں وجوانوں کے بلند حوصلے کو سراہا، آپ نے تحمل وبرداشت کا مظاہرہ کر کے فرض شناسی کی اعلیٰ مثال قائم کی اور سیاسی جتھے کے مذموم عزائم کو ناکام بنایا: محسن نقوی

قانون کی عملداری کو یقینی بنانے کے لئے آپ نے جذبے اور عزم سے فرائض سرانجام دیئے۔ جلا، گھیرا اور پولیس فورس پر پتھرا کرنے والے عناصر کے خلاف بلا امتیاز کارروائی کا حکم دے دیا ہے

لاہور (خصوصی خبر نگار) نگران وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے سروسز ہسپتال اور سی ایم ایچ میں زیر علاج ڈی ایس پی بلال، کانسٹیبل شکیل اور سکیورٹی اہلکار فیصل کی عیادت کی۔ محسن نقوی نے سیاسی جماعت کے کارکنوں کے پتھراسے زخمی ہونے والے پولیس افسروں اور جوانوں کی عیادت کی۔ نگران وزیر اعلیٰ محسن نقوی نے سروسز ہسپتال میں سرجری کرانے والے ڈی آئی جی آپریشنز علی ناصر رضوی اور سی ایم ایچ میں زیر علاج ڈی ایس پی بلال، کانسٹیبل شکیل اور سکیورٹی اہلکار فیصل کی عیادت کی۔ محسن نقوی نے سیاسی جماعت کے کارکنوں کے پتھراسے زخمی ڈی آئی جی آپریشنز علی ناصر رضوی اور پولیس وسکیورٹی اہلکاروں کی خیریت دریافت کی۔ محسن نقوی نے ڈی آئی جی آپریشنز علی ناصر رضوی، ڈی ایس پی بلال، کانسٹیبل شکیل اور سکیورٹی اہلکار فیصل کی جلد صحت یابی کے لئے دعا کی۔ محسن نقوی نے ڈی آئی جی آپریشنز علی ناصر رضوی کے والد اور ڈی ایس پی بلال کی صاحبزادی کو حوصلہ دیا۔ نگران وزیر اعلیٰ محسن نقوی نے زخمی افسروں اور جوانوں کے بلند حوصلے کو سراہتے ہوئے کہا کہ آپ نے تحمل اور برداشت کا مظاہرہ کر کے فرض شناسی کی اعلیٰ مثال قائم کی۔ قوم کو آپ پر فخر ہے۔ آپ قوم کے ہیرو ہیں، جنہوں نے سیاسی جتھے کے مذموم عزائم کو ناکام بنایا۔ قانون کی عملداری کو یقینی بنانے کے لئے آپ نے جذبے اور عزم سے فرائض سرانجام دیئے۔ جلا، گھیرا اور پولیس فورس پر پتھرا کرنے والے عناصر کے خلاف بلا امتیاز کارروائی کا حکم دے دیا ہے۔ انسپکٹر جنرل پولیس، ایڈیشنل (بقیہ نمبر 1)

ملک میں انٹرنیٹ کی بندش فوری ختم کرنے کی استدعا مسترد

لاہور ہائیکورٹ نے وفاقی حکومت، پی ٹی اے سمیت دیگر فریقین کو نوٹس جاری کر کے 22 مئی کو جواب طلب کر لیا

لاہور (اسپیشل رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے انٹرنیٹ کی بندش فوری ختم کرنے کی استدعا مسترد کر دی جبکہ وفاقی حکومت، پی ٹی اے سمیت دیگر فریقین کو نوٹس جاری کر کے 22 مئی کو جواب طلب کر لیا۔ ہائیکورٹ میں ملک بھر میں انٹرنیٹ کی بندش کے خلاف (بقیہ نمبر 4)

مریم اورنگزیب کی پریس کانفرنس جج کو دھمکانے کیلئے تھی، شیریں مزاری

ملک کو مجرموں کے رحم وکرم پر چھوڑنے کی بجائے عدالت مجرموں سے جواب طلبی کرے، ڈاکٹر شیریں مزاری

اسلام آباد (خبر نگار) پاکستان تحریک انصاف کی مرکزی سینئر نائب صدر شیریں مزاری نے کہا ہے کہ مریم اورنگزیب کی پریس کانفرنس جج کو دھمکانے کے لیے تھی۔ وفاقی وزیر اطلاعات کی پریس کانفرنس پر پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے ردِعمل دیتے ہوئے (بقیہ نمبر 3)

نیب ترامیم کا سب سے پہلا فائدہ عمران خان کو ہوا، مراد علی شاہ

احتجاج میں درختوں کی ٹہنیاں توڑ کر آگ لگائی جا رہی تھی، پولیس موبائل کو آگ لگائی گئی

کراچی (خبر نگار) وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے کہا ہے کہ نیب ترامیم کا سب سے پہلا فائدہ عمران خان کو ہوا۔ سندھ اسمبلی میں خطاب کرتے ہوئے مراد علی شاہ نے کہا کہ حالات خراب کرنے کے ذمہ داروں کو قرار واقعی سزا ملے گی، کسی کو نہیں چھوڑیں گے، (بقیہ نمبر 2)

شہباز شریف سے وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ اور اٹارنی جنرل نے ملاقات کی، اس دوران سپریم کورٹ کے فیصلے اور عمران خان کو ریلیف دینے کے معاملے پر مشاورت کی گئی

عمران خان کی رہائی وزیر اعظم کا اتحادیوں سے مشاورت کا فیصلہ

اجلاس میں وزیر اعظم شہباز شریف نے موجودہ صورتحال پر اتحادیوں سے مشاورت کا فیصلہ کیا، انہوں نے سپریم کورٹ سے عمران خان کو ریلیف ملنے کے بعد اتحادی قائدین سے رابطہ بھی کیا

شہباز شریف سے مولانا فضل الرحمان اور دیگر قائدین ملاقات کریں گے، اتحادی رہنماں سے مشاورت کے بعد مشترکہ حکمت عملی اپنائی جائے گی اور قومی سلامتی کمیٹی میں لائحہ عمل بھی طے کیا جائے گا

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) سپریم کورٹ کے فیصلے کے بعد وزیر اعظم شہباز شریف نے قانونی ٹیم کو وزیر اعظم ہاس میں طلب کر لیا۔ ذرائع کے مطابق وزیر اعظم شہباز شریف سے وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ اور اٹارنی جنرل نے ملاقات کی، اس دوران سپریم کورٹ کے فیصلے اور عمران خان کو ریلیف دینے کے معاملے پر مشاورت کی گئی، وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ وفاقی حکومت کا موقف سامنے لائیں گے۔ اجلاس میں وزیر اعظم شہباز شریف نے موجودہ صورتحال پر اتحادیوں سے مشاورت کا فیصلہ کیا، انہوں نے سپریم کورٹ سے عمران خان کو ریلیف ملنے کے بعد اتحادی قائدین سے رابطہ بھی کیا۔ صورتحال پر وزیر اعظم شہباز شریف سے مولانا فضل الرحمان اور دیگر قائدین ملاقات کریں گے، اتحادی رہنماں سے مشاورت کے بعد مشترکہ حکمت عملی اپنائی جائے گی اور قومی سلامتی کمیٹی میں لائحہ عمل بھی طے کیا جائے گا۔ انہوں نے سپریم کورٹ سے عمران خان کو ریلیف ملنے کے بعد اتحادی قائدین سے رابطہ بھی کیا۔ صورتحال پر وزیر اعظم شہباز شریف سے مولانا فضل الرحمان اور دیگر قائدین ملاقات کریں گے، اتحادی رہنماں سے (بقیہ نمبر 5)



اسلام آباد: عمران خان کی گرفتاری؛ صدر مملکت کا وزیر اعظم شہباز شریف کے نام خط

صوبائی وزیر صنعت وتجارت ایس ایم تنویر نے ڈسٹرکٹ جیل سرگودہا کا دورہ کیا

سرگودہا (سٹی رپورٹر) صوبائی وزیر صنعت وتجارت، سرمایہ کاری، سکل ڈویلپمنٹ اور انرجی ایس ایم تنویر نے ڈسٹرکٹ جیل سرگودہا کا دورہ کیا۔ انہوں نے مختلف بیرکوں میں جا کر اسیران (بقیہ نمبر 6)

مریضوں کو علاج معالجہ کی بہترین سہولیات کی فراہمی پہلی ترجیح ہے، ڈاکٹر جمال ناصر

راولپنڈی میں تمام مریضوں کو فری ادویات، ٹیسٹ اور دیگر سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے

راولپنڈی (خصوصی رپورٹر) صوبائی وزیر پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ پنجاب ڈاکٹر جمال ناصر نے کہا ہے کہ مریضوں کو علاج معالجہ کی بہترین سہولیات کی فراہمی پہلی ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی سیاست یا سیاسی جماعت کو پس پشت رکھ کر مریضوں اور زخمیوں کے علاج (بقیہ نمبر 7)

ایران اور سعودی عرب ڈیل کے باعث خطے میں بہتری آئے گی، اسحاق ڈار

معاشی فورغ کیلئے خطے میں امن وامان، خوشحالی، سرمایہ کاری، پارٹنرشپ ضروری ہے، اکنامک سکیورٹی نیشنل سکیورٹی کا اہم جزو ہے

پاکستان موسمیاتی تبدیلیوں کے باعث شدید متاثرہ ممالک میں شامل ہے، موسمیاتی تبدیلیوں کی وجہ سے غذائی ضروریات میں کمی کا خدشہ ہے

اسلام آباد (خبر نگار) وفاقی وزیر خزانہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ ایران اور سعودی عرب ڈیل کے باعث خطے میں بہتری آئے گی۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ تہران اور ریاض میں دونوں ممالک کی جانب سے دوبارہ سفارتخانے کھولے جائیں گے، معاشی فورغ کیلئے خطے میں امن و امان، خوشحالی (بقیہ نمبر 8)

اسلام آباد: آئین پاکستان کی گولڈن جوبلی کا دوروزہ بین الاقوامی کنونشن اختتام پذیر

سیاستدان کی گرفتاری سے پوری سیاست کا نقصان ہوتا ہے، بلاول بھٹو

ہم کبھی سیاستدان کی گرفتاری پر خوشی نہیں مناتے، سیاستدان کی گرفتاری سے پوری سیاست کا نقصان ہوتا ہے، چیئرمین پیپلز پارٹی

اب نیب ریفارمز سے عمران خان خود فائدہ لے رہے ہیں، 190 ملین پاؤنڈ پاکستان کا پیسہ ہے، سندھ کے عوام کا پیسہ ہے

کراچی (خصوصی رپورٹر) چیئرمین پیپلز پارٹی اور وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ ہم کبھی سیاستدان کی گرفتاری پر خوشی نہیں مناتے، سیاستدان کی گرفتاری سے پوری سیاست کا نقصان ہوتا ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو نے کہا کہ گزشتہ 2 دن پاکستان (بقیہ نمبر 13)

احتجاج آئینی حق ہے سیاسی وعسکری قیادت کو آگاہ کر دیا، صدر مملکت

عمران خان کی گرفتاری اور زدوکوب سے پیدا صورتحال پر پریشان ہوں، انسانی جانوں کا ضیاع باعث تشویش اور انتہائی قابل مذمت ہے

بعض شرپسندوں نے سرکاری املاک کو نقصان پہنچایا، سرکاری اور فوجی عمارت کو پہنچائے جانے والے نقصان کی مذمت کرتا ہوں

اسلام آباد (نامہ نگار) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے کہا ہے کہ احتجاج ہر پاکستانی کا آئینی حق ہے، جس کو ہمیشہ قانون کے دائرے میں کیا جانا چاہیے، سیاسی اور عسکری قیادت کو اپنی تشویش سے آگاہ کیا ہے۔ صدر مملکت عارف علوی نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر ایک بیان میں کہا کہ عمران خان کی گرفتاری اور زدوکوب سے پیدا صورتحال پر پریشان ہوں، انسانی جانوں کا ضیاع باعث تشویش اور انتہائی قابل مذمت ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ بعض شرپسندوں نے سرکاری املاک کو نقصان پہنچایا، سرکاری اور فوجی عمارت کو پہنچائے جانے والے نقصان کی مذمت کرتا ہوں۔ صدر مملکت نے کہا کہ ہمیں جبر اور گرفتاریوں کے بجائے معاملات کا سیاسی حل تلاش کرنا ہوگا، امید کرتا ہوں کہ حالات بہتر ہوں گے۔ صدر مملکت عارف علوی نے تمام شہریوں سے (بقیہ نمبر 12)

اسلام آباد: پاک فوج اور قانون نافذ کرنیوالے اداروں کا اسلام آباد اور راولپنڈی میں فلیگ مارچ

ملک بھر میں 24 گھنٹوں کے دوران کورونا وائرس کے 12 کیس رپورٹ

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) قومی ادارہ صحت (این آئی ایچ) نے کہا ہے کہ ملک بھر میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کورونا وائرس کے 12 کیس رپورٹ ہوئے اور 0 1 مریضوں کی حالت تشویش ناک ہے۔ جمعرات کو این آئی ایچ کی جانب سے جاری اعداد وشمار کے مطابق ملک بھر میں (بقیہ نمبر 16)

شدید احتجاج، جلاؤ گھیراؤ کے بعد پشاور میں حالات معمول کی طرف آ گئے

تاجروں کی جانب سے بند کئے گئے کاروباری مراکز کھلنا شروع، افواہوں کا بازار گرم رہا

پشاور (خبر نگار) پشاور سمیت صوبے کے بعض دیگر اضلاع میں پی ٹی آئی کے احتجاج اور جلاؤ گھیراؤ کی وجہ سے کشیدہ صورتحال اور حالات معمول کی طرف آنے لگے۔ پشاور میں بند بازار کھل (بقیہ نمبر 14)

لاہور: عمران خان کو رہا کرنے کا حکم دینے پر مریم نواز کی چیف جسٹس پر شدید تنقید

راولپنڈی، 17 سالہ لڑکی سے زیادتی کرنے والا ملزم گرفتار

فرار ملزم عدیل کو گرفتار کر کے ملزمان کو قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، ایس پی صدر

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) کلر سیداں پولیس کی فوری کاروائی، 17 سالہ لڑکی سے زیادتی کرنے والا ملزم گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق کلر سیداں پولیس کو متاثرہ لڑکی کی والدہ نے درخواست (بقیہ نمبر 15)

وزیر اعلیٰ پنجاب کا ڈیوٹی پر مامور پولیس جوانوں کا حوصلہ بڑھانے کیلئے لاہور کا شہر دورہ

ان وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے جمعرات کو الصبح لاہور شہر کا دورہ کیا اور ڈیوٹی پر مامور جوانوں سے ملاقات کی

پنجاب ولا ہور پولیس کے بہادر اور جری جوانوں پر ناز ہے۔ آپ اپنے فرائض محنت اور پروفیشنل ازم سے سرانجام دے رہے ہیں

لاہور (خبر نگار) نگران وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے جمعرات کو الصبح لاہور شہر کا دورہ کیا اور ڈیوٹی پر مامور جوانوں سے ملاقات کی۔ انسپکٹر جنرل پولیس ڈاکٹر عثمان انور اور سی پی او لاہور بلال صدیق کیانہ بھی ہمراہ تھے۔ ترجمان کے مطابق نگران وزیر اعلیٰ محسن نقوی نے پولیس جوانوں کی فرض سے (بقیہ نمبر 17)

پی ٹی آئی کے صدر چوہدری پرویز الٰہی کی عبوری ضمانت خارج

ترقیاتی منصوبوں میں کرپشن کے کیس میں عبوری ضمانت میں 25 مئی تک توسیع

اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ نے پرویز الٰہی سمیت دیگر کے خلاف مقدمہ درج کر رکھا ہے

لاہور (خبر نگار) لاہور کی انسداد دہشت گردی عدالت نے پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی صدر چوہدری پرویز الٰہی کی عبوری ضمانت خارج کر دی۔ انسداد دہشت گردی عدالت میں پی ٹی آئی کے صدر پرویز الٰہی کے گھر چھاپے کے دوران پیٹرول بم پھینکنے کے مقدمے کی سماعت (بقیہ نمبر 25)

چوہدری پرویز الٰہی نے اپنے ہی قائد عمران خان کے الزامات مسترد کر دیے

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے صدر چوہدری پرویز الٰہی نے اپنے ہی قائد عمران خان کے الزامات مسترد کر دیے۔ ایک انٹرویو میں چوہدری پرویز الٰہی نے کہا کہ فوجی افسران کے خلاف ایف آئی آر خود میں نے رکوائی تھی کیوں کہ اس میں ٹیکنیکل مسائل تھے۔ انہوں نے (بقیہ نمبر 24)

ملکی املاک پر حملہ کرنیوالے اصل چہرے بے نقاب ہو گئے، چوہدری حامد حمید

ان خان کی گرفتاری پر جس طرح قومی املاک کو نقصان پہنچایا گیا وہ ناقابل برداشت ہے

سرگودھا (جنرل رپورٹر) ملکی املاک پر حملہ کرنیوالے اصل چہرے بے نقاب ہو کر سامنے آنا شروع ہو چکے ہیں، جو کام دشمن 75 سال میں نہ کر سکا عمران خان کے لوگوں نے وہ ایک دن میں کر دکھایا، اب ان کیساتھ اپنی ہاتھوں سے نمٹنے کے سوا کوئی چارہ نہیں ہے، ان خیالات کا اظہار وزیر اعظم کے معاونِ خصوصی ورکن قومی اسمبلی چوہدری حامد حمید نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ پُرتشدد واقعات کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے، عمران خان کی گرفتاری (بقیہ نمبر 26)

اسلام آباد: عمران خان کی مسرت جمشید چیمہ کے ساتھ کال کی مبینہ آڈیو لیک

عمران خان کی گرفتاری سے قبل جسٹر ار سے اجازت لینی چاہیے تھی، چیف جسٹس

سپریم کورٹ میں چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کی گرفتاری پر ہائیکورٹ فیصلے کیخلاف درخواست پر سماعت ہوئی

جسٹس اطہر من اللہ کا کہنا تھا کہ نیب اس قسم کی حرکتیں پہلے بھی کر چکا ہے، ایسے ہتھکنڈوں اور کارروائیوں کا اختتام ہونا چاہیے

اسلام آباد (نامہ نگار) چیف جسٹس عمر عطا بندیال نے چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کی درخواست پر ریمارکس دیئے نیب نے عدالت کی توہین کی ہے، گرفتاری سے قبل رجسٹرار سے اجازت لینی چاہیے تھی۔ تفصیلات کے مطابق سپریم کورٹ میں چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کی گرفتاری (بقیہ نمبر 20)

القادر ٹرسٹ کرپشن کا پیسہ چھپانے کیلئے بنائی گئی، طلال چودھری

ریاست مدینہ کے نام پر سیاسی مخالفین کو انتقام کا نشانہ بنایا گیا، رہنماء ن لیگ

فیصل آباد (نیوز رپورٹر) فیصل آباد سے مسلم لیگ (ن) کے رہنما طلال چودھری نے کہا کہ القادر ٹرسٹ ایک مقدس نام ہے، القادر ٹرسٹ کرپشن کا پیسہ چھپانے کیلئے بنائی گئی تھی۔ اپنے ایک بیان میں رہنمان لیگ طلال چودھری نے کہا کہ ریاست مدینہ کے نام پر سیاسی مخالفین کو انتقام کا نشانہ بنایا گیا، القادر ٹرسٹ کے نام پر آپ اپنی چوری چھپانا چاہتے ہیں، جب آپ سے جواب مانگا گیا تو آپ نے پورے پاکستان کو آگ لگا دی۔ انہوں نے کہا کہ قانون آپ پر ہاتھ ڈالے گا، آپ کے ساتھی عدالتوں کے پیچھے چھپ رہے ہیں، جلاؤ گھیراؤ کے ثبوت پوری دنیا نے دیکھ لیے ہیں، یہ سیاسی جماعت نہیں، اس پر اگر (بقیہ نمبر 18)

جماعت اسلامی نے خیبر پختونخوا میں گندم کی قلت کا معاملہ قومی اسمبلی میں اٹھا دیا

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) قومی اسمبلی میں جماعت اسلامی کی طرف سے خیبر پختونخوا میں گندم اور آٹے کی قلت کا معاملہ اٹھا دیا گیا، وفاقی وزیر پارلیمانی امور مرتضیٰ جاوید عباسی نے فوری طور پر اس معاملے پر وزیر اعظم شہباز شریف سے رابطہ کر لیا جبکہ وفاقی وزیر مذہبی امور سینیٹر طلحہ محمود نے چیئر (بقیہ نمبر 19)

ناہلی کی درخواست پر عمران خان اور ایف بی آر سے جواب طلب

دوران عدت نکاح کرنے پر عمران خان کی ناہلی کے لیے دائر درخواست نمٹا دی گئی

پشاور (اسپیشل رپورٹر) عوامی نیشنل پارٹی کی جانب سے عمران خان کی ناہلی کی درخواست پر پشاور ہائی کورٹ نے عمران خان اور ایف بی آر سے جواب طلب کر لیا۔ عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر ایمل ولی خان نے عمران خان کی ناہلی کے لیے درخواست دائر کی ہے جسے کل سماعت کے لیے مقرر کر دیا گیا۔ درخواست کی سماعت چیف جسٹس مسرت ہلالی اور جسٹس شکیل احمد پر مشتمل (بقیہ نمبر 23)

ہنگامہ آرائی میں ملوث پی ٹی آئی رہنماؤں کی لسٹ جاری

جلاؤ گھیراؤ اور توڑ پھوڑ میں ملوث 1650 سے زائد شرپسند عناصر کو گرفتار کر لیا گیا ہے

یاسمین راشد، امتیاز شیخ، اعجاز چوہدری، زبیر نیازی اور عالیہ حمزہ سمیت دیگر رہنما شامل

لاہور (اسپیشل رپورٹر) ہنگامہ آرائی میں ملوث تحریک انصاف کے رہنماؤں کی لسٹ جاری کر دی گئی۔ تفصیلات کے مطابق قانون نافذ کرنے والے اداروں نے سابق وزیر اعظم عمران خان کی گرفتاری کے بعد ہنگامہ آرائی میں ملوث پی ٹی آئی رہنماؤں اور کارکنوں کی لسٹ جاری کر دی (بقیہ نمبر 29)

بجلی کی قیمت میں 1 روپیہ 50 پیسے فی یونٹ اضافے کا امکان

قیمتوں میں اضافہ جنوری سے مارچ تک کی ایڈجسٹمنٹ کی مد میں ہوگا

صارفین سے 44 ارب 45 کروڑ روپے اضافی وصول کیے جائیں گے

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) عوام کو مہنگی بجلی کے جھٹکے دینے کی تیاریاں شروع کر دی گئیں، بجلی کی قیمت میں 1 روپیہ 50 پیسے فی یونٹ اضافے کا امکان ہے۔ تفصیلات کے مطابق حکومت نے بجلی کے نرخ میں اضافے کیلئے نیپرا میں درخواست جمع کرا دی ہے، بجلی کی قیمت میں 1 روپیہ 50 پیسے فی یونٹ اضافہ متوقع ہے۔ صارفین سے 44 ارب 45 کروڑ روپے اضافی وصول کیے جائیں گے، بجلی کی قیمتوں میں ماہی ایڈجسٹمنٹ کیلئے مانگا گیا۔ بجلی کی قیمتوں میں اضافہ جنوری سے مارچ تک کی (بقیہ نمبر 30)

فیصل آباد میں خواتین کے اغواء و زیادتی کے واقعات میں ریکارڈ اضافہ

فیصل آباد (خصوصی رپورٹر) فیصل آباد میں خواتین کے اغواء وزیادتی کے واقعات میں ریکارڈ اضافہ، مخالفین سے سازباز ہو کر شہریوں کو جھوٹے مقدمات میں بھی ملوث کرنے کے انکشاف، بے گناہ شہریوں کے خلاف زیادتی کا مقدمہ درج کرنے کے بعد انہیں مٹھی گرم ہونے کے بعد (بقیہ نمبر 28)

پاکستان جمہوریت قانون کی حکمرانی اور آئین کی بنیاد پر کھڑا ہے، مشاہد حسین سید

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینیٹر مشاہد حسین سید نے کہا ہے کہ پاکستان جمہوریت قانون کی حکمرانی اور آئین کی بنیاد پر کھڑا ہے، پارلیمنٹ اپنے ممالک اور عوام کی ترجمانی کرتی ہے، سیاسی جماعتوں کے درمیان ہم آہنگی آئین سے ہے، اقوام متحدہ کے منشور اور عالمی قوانین کے تحت ممالک کے درمیان تعلقات کا (بقیہ نمبر 27)

پاکستان انفارمیشن سنٹر اسلام آباد کے زیر اہتمام بزنس اینڈ مکس رپورٹنگ پر دوروزہ تربیتی ورکشاپ کا آغاز

معروف صحافیوں نے شرکا کو اقتصادی رپورٹنگ کے تکنیکی پہلوؤں اور اصطلاحات پر پریزنٹیشنز اور لیکچرز دیئے

افتتاحی سیشن میں، مائیکرو اور میکرو اکنامکس، اکنامک سیکورٹی، مرکزی بینکوں اور مانیٹری پالیسی کے بارے میں پریزنٹیشن دی

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) پاکستان انفارمیشن سنٹر (PIC) کے زیر اہتمام بزنس اینڈ اکنامکس رپورٹنگ پر دوروزہ تربیتی ورکشاپ جمعرات کو انفارمیشن سروس اکیڈمی (ISA) اسلام آباد میں شروع ہوئی۔ افتتاحی سیشن میں معروف صحافی شہباز رانا نے شرکا کو معاشیات کے بنیادی اصولوں، مائیکرو اور میکرو اکنامکس، اکنامک سیکورٹی، مرکزی بینکوں اور مانیٹری پالیسی کے بارے میں پریزنٹیشن دی۔ انہوں نے اقتصادی اشاریے، کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ، جی ڈی پی کا تعین کرنے والے عوامل، مجموعی قومی پیداوار، درآمدات اور برآمدات، ترسیلات زر اور سرمایہ کاری کے بارے میں بھی تفصیل سے (بقیہ نمبر 31)

وزیر اعلیٰ گلگت بلتستان کو جی بی ہاؤس اسلام آباد میں نظر بند کر دیا گیا

رینجرز اور پولیس کی بھاری نفری جی بی ہاؤس کے باہر تعیناتی کر دی گئی۔ ذرائع وزارت داخلہ

اسلام آباد (خبر نگار) وزیر اعلیٰ گلگت بلتستان خالد خورشید کو جی بی ہاؤس میں نظر بند کر دیا گیا۔ وزارت داخلہ کے مطابق رینجرز اور پولیس کی بھاری نفری جی بی ہاؤس کے باہر تعیناتی کر دی گئی (بقیہ نمبر 9)

عمران خان کی گرفتاری کے بعد خیبر پختونخوا میں پرتشدد مظاہروں میں

گزشتہ روز ایل آر ایچ میں 4 لاشیں اور 141 زخمی لائے گئے تھے، 7 افراد جاں بحق

پشاور (خبر نگار) عمران خان کی گرفتاری کے بعد خیبر پختونخوا میں ہونے والے پرتشدد مظاہروں میں 7 افراد جاں بحق جب کہ 106 افراد زخمی ہوئے ہیں۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ سابق وزیر اعظم اور پی ٹی آئی چیئرمین عمران خان کی گرفتاری کے بعد صوبہ خیبر پختونخوا میں ہونے والے پر (بقیہ نمبر 10)

احاطہ عدالت سے کوئی ملزم گرفتار نہیں کیا جا سکتا، بابر اعوان

اسلام آباد (نامہ نگار) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما بابر اعوان نے کہا ہے کہ سپریم کورٹ نے طے کر دیا ہے کہ جب کوئی ملزم عدالت میں آئے تو احاطے سے گرفتار نہیں کیا جا سکتا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے پی ٹی آئی رہنما نے کہا کہ عدالتوں سے اٹھانے کا باب آج بند ہو گیا، انہوں نے بتایا کہ عمران خان نے کہا میں الیکشن چاہتا ہوں گڑبڑ کیوں کراں گا، جو الیکشن نہیں چاہتے وہ گڑبڑ کرا رہے ہیں۔ (بقیہ نمبر 11)

اسلام آباد: نواز شریف کے ساتھی حسن سلوک سے محروم، عمران کیلئے سلیکٹو انصاف ہے: خواجہ آصف

لاہور میں احتجاج کے باعث بند شاہراہیں کھول دی گئیں

لاہور (نیوز رپورٹر) صوبائی دارالحکومت لاہور کے مختلف علاقوں میں احتجاج کے باعث بند شاہراہیں کھول دی گئیں۔ پولیس کے مطابق لاہور میں بدھ کی رات گئے تک پی ٹی آئی کارکنان کا وقفے وقفے سے احتجاج جاری رہا اور کارکنان کے (بقیہ نمبر 22)

پشاور میں صوبائی الیکشن کمیشن کے دفتر پر پی ٹی آئی مظاہرین کا حملہ

کارکنان نے دفتر کے تمام کمپیوٹرز، کانفرس روم میں لگی بڑی اسکرین کے ٹکڑے کر دیے

پشاور (نیوز رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے مظاہرین نے صوبائی الیکشن کمیشن کے دفتر پر حملہ کیا۔ تحریک انصاف کے مشتعل کارکنان پشاور میں شامی روڈ پر واقع دفتر کا مرکزی (بقیہ نمبر 21)

روزنامہ عوامی للکار Daily Awami Laikaar راولپنڈی
عوام کی بے باک آواز للکار

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

آزاد کشمیر، سیاست کی نئی کروٹ

چوہدری انوار الحق آزاد کشمیر کے بلا مقابلہ وزیر اعظم منتخب ہو گئے ہیں، انہوں نے 52 کے ایوان میں 48 ووٹ حاصل کئے جو آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی کی تاریخ کا سب سے بڑا مینڈیٹ ہے۔ وہ آزاد کشمیر کے 15 ویں وزیر اعظم ہیں۔ منتخب ہونے کے بعد اسمبلی سے اپنے پہلے خطاب میں ان کا کہنا تھا کہ انہوں نے آزاد حیثیت سے الیکشن لڑا ہے، انہیں پی ڈی ایم اور پاکستان تحریک انصاف) پی ٹی آئی (کے اراکین اسمبلی نے ووٹ دیا۔ آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی کا ہنگامی اجلاس جمعرات کی شب ہوا تھا جس میں کاغذات نامزدگی جمع کرانے کے لیے رات 12 بجکر 40 سے 55 یعنی صرف 15 منٹ دیے گئے تھے۔ سیکرٹری اسمبلی کے مطابق کسی اور نے کاغذات نامزدگی جمع ہی نہیں کرائے اِس لیے چوہدری انوار الحق بلا مقابلہ وزیر اعظم منتخب ہو گئے۔ بلا مقابلہ انتخاب کے بعد اسمبلی میں ووٹنگ کے عمل کے دوران چوہدری انوار الحق کو پیپلز پارٹی اور فارورڈ بلاک کے 12، 12 اراکین کے ساتھ) ن (لیگ کے سات ارکان کی حمایت بھی حاصل رہی۔ نومنتخب وزیر اعظم کا تعلق آزاد کشمیر کے ضلع بھمبر سے ہے، وہ 2006 میں پہلی بار رکن اسمبلی منتخب ہوئے تھے جبکہ دو بار سپیکر بھی رہ چکے ہیں۔ انہوں نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اِس ایوان میں کون اپوزیشن ہوگا اور کون حکومت میں یہ آنے والا وقت بتائے گا، وہ تربیت یافتہ سیاسی کارکن ہیں، کسی حادثے کے نتیجے میں وزیر اعظم نہیں بنے۔ ان کا کہنا تھا کہ ہر شہری کو ریاست کے وزیر اعظم کے احتساب کا پورا حق دیا جائے گا۔ سابق وزیر اعظم آزاد کشمیر سردار تنویر الیاس کا کہنا تھا کہ عمران خان نے وزارتِ عظمیٰ آزاد کشمیر کے لیے کسی کو نامزد نہیں کیا، پارٹی پالیسی کے خلاف کوئی اقدام برداشت نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ چوہدری انوار نے عمران خان کو کچھ اور آزاد کشمیر اسٹیبلشمنٹ کو کچھ اور کہا، وہ کہتے تھے کہ یہ سب کچھ پارٹی بچانے کے لیے کر رہے ہیں لیکن آج سازش کا علم ہوا۔ واضح رہے کہ 11 اپریل کو آزاد کشمیر ہائی کورٹ نے وزیر اعظم تنویر الیاس کو توہین عدالت کے الزام پر اسمبلی رکنیت سے نااہل قرار دے دیا تھا جس کے بعد وہ عہدے سے فارغ ہو گئے تھے۔ سماعت کے دوران عدالت نے وزیر اعظم آزاد کشمیر کے تین ویڈیو کلپس چلا کر پوچھا تھا کہ کیا وہ الزامات کا سامنا کریں گے تو انہوں نے نفی میں جواب دیتے ہوئے عدالت سے غیر مشروط معافی مانگ لی تھی تاہم عدالت نے انہیں عدالت برخاست ہونے تک قید کی سزا سنا دی۔ گزشتہ سال 18 اپریل کو سردار تنویر الیاس بھی بلا مقابلہ منتخب ہوئے تھے اور انہیں 33 اراکین اسمبلی نے ووٹ دیئے تھے۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ نئے وزیر اعظم اور اس وقت کے سپیکر اسمبلی انوار الحق ہی نے سردار تنویر الیاس کی کامیابی کا اعلان کیا تھا۔ اس سے پہلے وزیر اعظم عبدالقیوم نیازی کے خلاف 25 پی ٹی آئی ممبران کے دستخط کے ساتھ تحریک عدم اعتماد جمع کرائی گئی تھی۔ عبدالقیوم نیازی نے پہلے پانچ وزرا کو کابینہ سے برطرف کیا تاہم بعد میں وہ خود بھی مستعفی ہو گئے۔ وہ جولائی 2021 میں ہونے والے عام انتخابات کے بعد وزیر اعظم بنے تھے اور آٹھ ماہ سے زائد عرصے تک اس عہدے پر فائز رہے جبکہ سردار تنویر نے بھی لگ بھگ ایک سال تک یہ منصب سنبھالے رکھا۔ کشمیر کی سیاست پر پاکستان کی سیاست کے گہرے اثرات مرتب ہوتے ہیں، کہا جاتا ہے کہ جس کی پاکستان میں حکومت ہوتی ہے، اسی کی حکومت آزاد کشمیر میں بن جاتی ہے۔ 2021 میں بھی ایسا ہی ہوا تھا کہ وفاق میں پاکستان تحریک انصاف کی حکومت تھی تو آزاد کشمیر میں پی ٹی آئی کامیاب ٹھہری تاہم ایک سال سے بھی کم عرصے میں پی ٹی آئی ارکان نے اپنے ہی وزیر اعظم کے خلاف تحریک عدم اعتماد پیش کر دی جس کے نتیجے میں سردار تنویر وزیر اعظم بن گئے تھے۔ نئے قائد ایوان کے انتخاب میں متحارب سیاسی جماعتوں نے جس اتحاد کا مظاہرہ کیا ہے، وہ آزاد کشمیر کی سیاست میں ایک نئے باب کا اضافہ قرار دیا جا سکتا ہے۔ سردار تنویر الیاس کے ردعمل سے معلوم ہوتا ہے۔

مذاکرات اور چوہدری پرویز الٰہی

ایک طرف حکومت اور پی ٹی آئی کے درمیان مذاکرات جاری ہیں تو دوسری طرف حکومتی اتحاد میں شامل بڑی جماعت ن لیگ کے سرکردہ رہنماں کا ماننا ہے کہ پی ٹی آئی کے ساتھ مذاکرات وقت کا ضیاع ہے۔ خواجہ آصف، جاوید لطیف اور مریم نواز نے اپنے بیانات میں کہا ہے کہ پی ٹی آئی کے ساتھ

محمد علی یزدانی

مذاکرات سے کچھ حاصل نہیں ہونے والا۔ جس پر سنجیدہ حلقے سوالات اٹھا رہے ہیں اگر ان مذاکرات سے کچھ حاصل نہیں کیا جا سکتا تو پھر وقت کیوں ضائع کیا جا رہا ہے اور ایک ہیجان کی کیفیت کیوں بنا دی گئی ہے اور پوری قوم کو ٹرک کی بتی کے پیچھے کیوں لگا دیا ہے۔ دوسری جانب عمران خان کہتے ہیں کہ اگر الیکشن سپریم کورٹ کی دی گئی ڈیٹ لائن پر نہیں ہوتے تو وہ تحریک چلانے کیلئے تیار ہیں بلکہ سڑکوں پر آنے کیلئے تیار ہیں اور ایک نیا لانگ مارچ بھی کریں گے۔ یہاں سوال پیدا ہوتا ہے کہ اگر حکومت اور پی ٹی آئی کے مرکزی رہنما ایک دوسرے کو یوں ہی لتاڑتے رہیں گے تو پھر مذاکرات مذاکرات کا کھیل کیوں کھیلا جا رہا ہے۔ سیاسی حلقوں میں مذاکرات کو لے کر ایک اور اہم سوال بھی اٹھایا جا رہا ہے کہ اگر مذاکرات کامیاب نہیں ہوتے تو کیا سپریم کورٹ مزید کارروائی کرے گی یا معاملے کو جوں کا توں رہنے دیا جائے گا، کیونکہ سپریم کورٹ کے حکم نامے کے بعد ہی مذاکرات شروع ہوئے تھے اور اگر یہ نتیجہ خیز ثابت نہیں ہوتے تو پھر چودہ مئی کو ہونے والے انتخابات پر بھی سوالیہ نشان لگ جائے گا۔ مئی کا آغاز ہو چکا ہے اور ابھی تک نا تو حکومت نے الیکشن کمیشن کو فنڈز جاری کئے ہیں اور نہ ہی سیاسی جماعتوں کی جانب سے کوئی ایسی سرگرمی دیکھنے کو مل رہی ہے کہ کہا جائے کہ دس بارہ دن بعد الیکشن ہونے والے ہیں، یعنی کسی قسم کی سیاسی گہما گہمی جو انتخابات کا خاصہ ہوتی ہے وہ دیکھنے کو نظر نہیں آ رہی اس لئے چودہ مئی کو پنجاب میں ہونے والے انتخابات تاحال مشکوک ہی دکھائی دیتے ہیں۔ مذاکرات کامیاب نہ ہوئے تو پھر وزیر اعظم شہباز شریف کی نا اہلی پر بھی باتیں ہو رہی ہیں اور وزیر دفاع خواجہ آصف نے تو یہاں تک کہہ دیا ہے کہ اگر سپریم کورٹ نے عدالتی حکم پر عمل درآمد نہ ہونے پر وزیر اعظم شہباز شریف کو نا اہل کیا تو وہ عدالت کے حکم کو مانے اور اس پر عمل درآمد کرنے سے انکار کر دیں گے، اس طرح کی باتیں ظاہر کرتی ہیں کہ ملک سیاسی بحران سے نکلنے والا نہیں ہے بلکہ مزید سنگین ہونے والا ہے۔ کیوں کہ وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے بھی عندیہ دیا ہے کہ وہ پارلیمنٹ کی مدت ایک سال بڑھانے پر غور کر رہے ہیں اگر ایسا ہوا تو ملک میں ایک نیا سیاسی بحران پیدا ہو گا کیوں کہ

آئیسکور یجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس 12 اور 13 مئی 2023ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس اڈویلپمنٹ ورکس آئیسکو یجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 12 مئی 2023 صبح 09:00 بجے تا دن 02:00 بجے تک، جہلم سرکل، ڈھلمی فیڈرز مورخہ 13 مئی 2023 صبح 09:00 بجے تا دن 02:00 بجے تک، اسلام آباد سرکل، I-11/1، I-11/3، I-11/4، میٹرو فیڈرز، راولپنڈی سٹی سرکل، نوگزی، بنجیلا فیڈرز، راولپنڈی کینٹ سرکل، چہان، چونترہ، راجڑ، چکری، ایس پی ڈی، ایس پی ایف، اسلام آباد فیڈ ٹل، جھٹ جھتیال، بسالی، پنڈ جاتلہ، لیب۔ I & I، ریلائنس ویونگ مل، انڈسٹریل، بھل، جرار کمیپ، فضل احمد شہید، چوآہ خالصہ، فیڈرز، جہلم سرکل، منڈی بہاولدین، کینٹ، سی ایم ایچ جہلم فیڈرز اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے اور گردونواح کی بجلی بند رہے گی۔

بقیہ 1

چیف سیکرٹری داخلہ، ایڈیشنل چیف سیکرٹری، سی سی پی او لاہور، کمشنر لاہور ڈویژن، ڈپٹی کمشنر بھی اس موقع پر موجود تھیں۔

بقیہ 2

سب کو گرفتار کریں گے۔ وزیر اعلیٰ سندھ نے کہا کہ نیب کے خلاف اسی ایوان نے قرارداد پیش کی، جب ہم نے کہا کہ نیب ختم کرو تو کہتے تھے کہ مک مکا کرلیا، نیب میں 90 دن کا ریمانڈ ہوتا تھا اب 14 دن کا ہے۔ انہوں نے کہا کہ امن کی صورتحال برقرار رکھنے کے لیے آخری حد تک جائیں گے، بڑی مشکل سے کراچی کو امن ملا ہے۔ مراد علی شاہ نے کہا کہ احتجاج میں درختوں کی ٹہنیاں توڑ کر آگ لگائی جارہی تھی، کل بھی پولیس موبائل کو آگ لگائی گئی، ہمارے پاس ثبوت ہیں، ان کو نہیں چھوڑیں گے۔ پیپلز پارٹی کے رہنما نے کہا کہ جو ہے ابھی چھپے ہوئے ہیں، بلوں سے نکلیں گے تو پکڑ لئے جائیں گے، یہ پاکستان کی سلامتی پر حملہ تھا، ہمارے پاس پکے ثبوت ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم متحدہ کو بھی دہشت گرد ڈیکلیئر کرنے کے بھی حمایتی نہیں تھے، ایم کیو ایم نے ملک سے وفاداری کا ثبوت دیا اور الطاف حسین پر آرٹیکل 6 کی قرارداد پیش کی تھی۔ وزیر اعلیٰ سندھ نے کہا کہ حلیم عادل، فردوس شمیم، خرم شیر زمان ملک سے وفاداری کا ثبوت دیں اور عمران خان پر آرٹیکل 6 لگانے کا مطالبہ کریں، ایم کیو ایم نے فیصلہ کیا تھا کہ وہ دہشت گرد جماعت نہیں بلکہ سیاسی جماعت ہے، آج پی ٹی آئی کو بھی فیصلہ کرنا ہے کہ وہ دہشت گرد گروہ ہے یا سیاسی جماعت ہے۔

بقیہ 3

شیریں مزاری نے کہا کہ پریس کانفرنس عدالت پر اثر انداز ہونے کی کوشش ہے، قانون کا ذرا سا بھی احترام ہو تو یہ لوگ کم از کم زیر ساعت معاملات پر بیان بازی سے گریز کریں۔ مرکزی سینئر نائب صدر پی ٹی آئی نے کہا کہ عمران خان عدالت کی تعظیم میں بائیکاٹ میں پیش ہوئے، جنہیں اغوا کیا گیا، سپریم کورٹ میں آج کی ساعت کے بعد عمران خان کے اغوا کی پوری کہانی قوم پر کھل چکی ہے۔ ڈاکٹر شیریں مزاری نے کہا کہ جنہوں کے اہل خانہ کو دھمکانے سے لیکر انکی کردار کشی تک کا حربہ ملک میں لاقانونیت کے فروغ کی کوشش ہے، ملک کو ہجوموں کے رحم وکرم پر چھوڑنے کی بجائے عدالت مجرموں سے جواب طلبی کرے۔

بقیہ 4

درخواست پر ساعت ہوئی۔ درخواست گزار نے موقف اختیار کیا کہ چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کی گرفتاری پر ملک بھر میں انٹرنیٹ سروس معطل کر دی گئی۔ انٹرنیٹ سروس معطل کرنا بنیادی حقوق کی خلاف ورزی اور قانون کے منافی ہے، ٹویٹر، فیس بک اور یوٹیوب سمیت دیگر سوشل میڈیا ایپس کو بھی بند کر دیا گیا، عدالت ملک بھر میں انٹرنیٹ سروس اور سوشل میڈیا ایپس بحال کرنے کا حکم دے۔ درخواست گزار نے استدعا کی کہ آئین کے تحت معلومات تک رسائی ہر شہری کا بنیادی حق ہے، حکومت کی جانب سے ملک بھر میں انٹرنیٹ سروس اور مختلف سوشل میڈیا ایپس بند کر دی گئیں ہیں، عدالت نے انٹرنیٹ کی بندش کو لاعدم قرار دے دیتے فوری طور بحال کرنے کا حکم دے۔ وفاقی حکومت کے وکیل نے درخواست پر اعتراض اٹھاتے ہوئے کہا کہ حالات ایسے بن گئے تھے کہ نیٹ سروس بند کرنا پڑی۔ درخواست گزار ابوذر سلمان نیازی کے وکیل نے کہا کہ قومی سیکیورٹی کا بھی اگر ایشو ہو تو نیٹ سروس بند نہیں ہو سکتی۔ عدالت نے درخواست گزار کی انٹرنیٹ کی بندش فوری ختم کرنے کی استدعا مسترد کر دی۔ عدالت نے وفاقی حکومت اور پی ٹی اے سمیت دیگر فریقین کو نوٹس جاری کر کے 22 مئی کو جواب طلب کر لیا۔ جبکہ معاونت کے لیے اٹارنی جنرل کو نوٹس جاری کر دیئے

بقیہ 5

مشاورت کے بعد مشترکہ حکمت عملی اپنائی جائے گی اور قومی سلامتی کمیٹی میں لائحہ عمل بھی طے کیا جائے گا۔

بقیہ 6

سمگلنگ کرنے والوں کے خلاف سخت ایکشن لے رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ گندم کی غیر قانونی خریداری کے خلاف فوری کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور وزیر اعظم کو بھی حمایتی نہیں تھے، ایم کیو ایم نے ملک سے غداری کا ثبوت دیا اور الطاف حسین پر آرٹیکل 6 کی قرارداد پیش کی تھی۔ وزیر اعلیٰ سندھ نے کہا کہ حلیم عادل، فردوس شمیم، خرم شیر زمان ملک سے وفاداری کا ثبوت دیں اور عمران خان پر آرٹیکل 6 لگانے کا مطالبہ کریں، ایم کیو ایم نے فیصلہ کیا تھا کہ وہ دہشت گرد جماعت نہیں بلکہ سیاسی جماعت ہے، آج پی ٹی آئی کو بھی فیصلہ کرنا ہے کہ وہ دہشت گرد گروہ ہے یا سیاسی جماعت ہے۔

بقیہ 7

معالجہ میں زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل درآمد یقینی بنایا جائے اور راولپنڈی کے ہسپتالوں میں داخل تمام مریضوں کو فری ادویات، ٹیسٹ اور دیگر سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ ملکی حالات کے پیش نظر ہسپتالوں میں ڈاکٹرز و عملہ کی موجودگی اور ادویات کی فراہمی یقینی بنائی جائے تاکہ موجودہ حالات میں کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ انہوں نے یہ ہدایات ہولی فیملی ہسپتال میں موجودہ ملکی صورتحال کے باعث ہسپتالوں میں علاج معالجہ کی سہولیات کا جائزہ لینے کے لیے منعقدہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے جاری کیں۔ پرنسپل میڈیکل کالج وایم ایس ہولی فیملی ہسپتال پروفیسر ڈاکٹر جہانگیر سرور، ایم ایس پی بی ایچ ڈاکٹر طاہر رضوی، ایم ایس ٹیچنگ ہسپتال ڈاکٹر فرزانہ، صدر انجمن تاجران شرنجیل میر اور دیگر نے اجلاس میں شرکت کی۔ صوبائی وزیر ڈاکٹر جمال ناصر کو اس موقع پر موجودہ ملکی صورتحال کے باعث ہسپتالوں میں مریضوں کے متعلق بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ آخری 48 گھنٹوں میں پی بی ایچ میں 13 زخمی لائے گئے اور ٹیچنگ ہسپتال راولپنڈی میں کل 15 مریض لائے گئے جبکہ ہولی فیملی ہسپتال میں کوئی زخمی نہیں لایا گیا اور صرف ایک مریض کے علاوہ باقی تمام مریضوں کو علاج معالجہ کے بعد اسی دن ڈسچارج کر دیا گیا۔

بقیہ 8

سرمایہ کاری، پارٹنر شپ ضروری ہے، اکنامک سکیورٹی نیشنل سکیورٹی کا اہم جزو ہے۔ اسحاق ڈار کا کہنا تھا کہ پاکستان موسمیاتی تبدیلیوں کے باعث شدید متاثرہ ممالک میں شامل ہے، موسمیاتی تبدیلیوں کی وجہ سے غذائی ضروریات میں کمی کا خدشہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کو کرنٹ اکاؤنٹ خسارے اور مالیاتی خسارہ کے باعث غیر مستحکم معیشت ملی، جب حکومت ملی تو اس سال تجارتی خسارہ 39 ارب ڈالر سے تجاوز کر چکا تھا، زرمبادلہ ذخائر میں کمی اور کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ 17 ارب ڈالر تک پہنچ چکا تھا۔

بقیہ 9

ہے۔ وزیر اعلیٰ گلگت بلتستان کی نقل وحرکت پر پابندی عائد کر دی گئی۔ نقص عامہ کی صورتحال کے پیش نظر وزیر اعلیٰ گلگت بلتستان کو نظر بند کیا۔ وزیر داخلہ جی بی شمس لون اور وزیر قانون سہیل عباس وزیر اعلیٰ کے ہمراہ ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق پولیس نے وزیر اعلیٰ گلگت بلتستان کو گرفتار کرنے کی کوشش کی۔ عمران خان کی گرفتاری سے دو روز قبل وزیر اعلیٰ خالد خورشید کی قیادت میں گلگت بلتستان کابینہ و اسمبلی اراکین کے وفد نے زمان پارک میں چیئرمین تحریک انصاف عمران خان سے خصوصی ملاقات کی۔ جس میں گلگت بلتستان میں تحریک انصاف کی حکومت کے فلاحی اقدامات، تنظیمی معاملات اور ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال پر تفصیلی تبادل خیال کیا گیا۔ عمران خان نے ملک میں آئین کی بالادستی، قانون کی حکمرانی اور حقیقی آزادی کی تحریک کی میں گلگت بلتستان کے عوام کے کردار کی تحسین کی۔ وزیر اعلیٰ گلگت بلتستان خالد خورشید نے کہا کہ ریلی میں ہماری شرکت گلگت بلتستان کے عوام کی امنگوں کی ترجمانی ہے، گلگت بلتستان کی حکومت، منتخب نمائندے نچلی ترین سطح تک عوام پوری یکسوئی سے چیئرمین عمران خان کے حقیقی آزادی کے ویژن کی تائید کرتے ہیں، آئین کی بالادستی اور قانون کی حکمرانی کیلئے بڑی سے بڑی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے نہ چیئرمین فردوس شمیم، خرم شیر زمان ملک سے وفاداری کا ثبوت دیں، اور عمران خان پر آرٹیکل 6 لگانے کا مطالبہ کریں، ایم کیو ایم نے فیصلہ کیا تھا کہ وہ دہشت گرد جماعت نہیں بلکہ سیاسی جماعت ہے، آج پی ٹی آئی کو بھی فیصلہ کرنا ہے کہ وہ دہشت گرد گروہ ہے یا سیاسی جماعت ہے۔

بقیہ 10

تشدد مظاہروں میں 7 افراد جاں بحق ہوئے ہیں جب کہ 106 لوگ زخمی ہوئے ہیں۔ پولیس کے مطابق 2 دنوں کے مظاہروں کے دوران پشاور میں چار، کوہاٹ میں دو، دیر میں ایک شخص جاں بحق ہوا ہے جب کہ مجموعی طور پر 106 افراد زخمی ہوئے ہیں۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ زخمی ہونے والوں میں 36 پولیس افسران اور اہلکار بھی شامل ہیں جب کہ مختلف علاقوں میں ہونے والے ان مظاہروں میں ملوث 296 افراد کو گرفتار بھی کیا گیا ہے۔ اسی حوالے سے ترجمان لیڈی ریڈنگ اسپتال پشاور محمد عاصم کا بیان بھی سامنے آیا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ گزشتہ روز ایل آر ایچ میں 4 لاشیں اور 141 زخمی لائے گئے تھے اور زخمیوں میں سے 23 زخمی زیر علاج ہیں۔

بقیہ 11

بابر اعوان نے مزید بتایا کہ عمران خان نے کہا وکلا کے سوا کسی سے ملنے نہیں دیا گیا، گہرے سائے میں رکھا گیا، ان تک کوئی خبر نہیں پہنچنے دی گئی

بقیہ 12

پر امن رہنے کی بھی اپیل کی ہے۔ واضح رہے کہ منگل کو نیب نے سابق وزیر اعظم عمران خان کو القادر ٹرسٹ کیس میں اسلام آباد ہائی کورٹ کے احاطے سے گرفتار کر لیا تھا جس کے بعد ملک بھر میں احتجاج کیا جارہا ہے۔

بقیہ 13

کی تاریخ کے سیاہ دن ہیں، پاکستان پیپلز پارٹی شروع دن سے نیب کے خلاف ہے جبکہ تحریک انصاف نیب کا دفاع کرتے آرہی ہے، خان صاحب نے مہم شروع کروائی کہ نیب کو بچائیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے میاں صاحب کی حکومت میں بھی کہا تھا نیب کو بند کیا جائے، ہماری بات نہیں مانی گئی، آج ہمارے اتحادی ہمارے مقف پر آگئے ہیں، ہم سب کا مطالبہ تھا کہ نیب ریفارمز کی جائیں، ہم نیب ریفارمز لے کر آئے، اب 90 روز کے بجائے 14 روز نیب کی قید میں رہ سکتے ہیں۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ اب نیب ریفارمز سے عمران خان خود فائدہ لے رہے ہیں، 190 ملین پاؤنڈ پاکستان کا پیسہ ہے، سندھ کے عوام کا پیسہ ہے، عمران خان احتساب کا نام لینے والے وزیر اعظم تھے، خان صاحب کو موقع فراہم کیا گیا کہ وہ عوام کا لوٹا پیسہ واپس لے کر آئیں گے۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ خان صاحب پر سنگین الزامات ہیں، آپ یا میں اس جرم میں ملوث ہوتے تو ہم جیل کے اندر ہوتے، خان صاحب نے اپنی سیاست اس بات پر چمکائی کہ ملک میں احتساب ہو، ہونا یہ چاہیے تھا کہ خان صاحب گرفتار ہوتے، خان صاحب کی جماعت کہتی دیکھو ہمارا قائد کتنا بہادر ہے۔ چیئرمین پیپلز پارٹی کا مزید کہنا تھا کہ خان صاحب کو قانون اور آئین کے تحت کرپشن کیسز کی وجہ سے گرفتار کیا گیا، گرفتاری پر پرامن احتجاج کی کال دینی چاہیے تھی، تحریک انصاف نے پہلے سے فیصلہ کیا کہ ردعمل سیاسی نہیں ہوگا، پتھر، لاٹھی، بندوق اٹھا کر ریاست پر حملہ کیا گیا، اس طرح کے حملوں کی تاریخ میں کم مثال ملتی ہے۔ بلاول بھٹو کا مزید کہنا تھا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کی یہ کوشش تھی کہ ملک میں الیکشن ہوں، ہم کوشش کر رہے ہیں سیاسی جماعتوں کے درمیان ڈائیلاگ ہو، میں کافی پرامید تھا کہ ہمارا سیاسی ڈائیلاگ کامیاب ہو جائے گا، آج بھی چاہتے ہیں الیکشن وقت پر ہوں، ہماری ڈیمانڈ ہے کہ ملک کے تمام سٹیک ہولڈرز اس مشکل صورتحال کا مقابلہ کریں۔

بقیہ 14

گئے تاہم افواہوں کا بازار گرم رہا۔ جمعرات کے روز صورتحال کے باعث ہسپتالوں میں مریضوں کے متعلق بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ آخری 48 گھنٹوں میں پی بی ایچ میں 13 زخمی لائے گئے اور ٹیچنگ ہسپتال راولپنڈی میں کل 15 مریض لائے گئے جبکہ ہولی فیملی ہسپتال میں کوئی زخمی نہیں لایا گیا اور صرف ایک مریض کے علاوہ باقی تمام مریضوں کو علاج معالجہ کے بعد اسی دن ڈسچارج کر دیا گیا۔

بقیہ 15

بابر اعوان نے مزید بتایا کہ عمران خان نے کہا وکلا کے سوا کسی سے ملنے نہیں دیا گیا، گہرے سائے میں رکھا گیا، ان تک کوئی خبر نہیں پہنچنے دی گئی

بقیہ 16

گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کورونا وائرس کے 2 ہزار 196 ٹیسٹ کیے گئے جن میں سے 12 افراد کے ٹیسٹ مثبت آئے اس طرح مثبت کیسز کی شرح 0.55 فیصد رہی اور اس دوران کورونا وائرس سے ایک مریض جاں بحق ہوا جبکہ 10 مریضوں کی حالت تشویشناک ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران لاہور میں 207 ٹیسٹ کیے گئے جن میں سے 2 کے ٹیسٹ مثبت آئے اور وہاں پر مثبت کیسز کی شرح 0.97 فیصد رہی، اسی طرح اسلام آباد میں 195 ٹیسٹوں میں سے ایک ٹیسٹ مثبت آیا اور وہاں پر شرح 0.51 فیصد رہی۔

بقیہ 17

للکن اور جذبے کی تعریف کی۔ انہوں نے پولیس جوانوں کے عزم اور حوصلے کو سراہتے ہوئے کہا کہ پنجاب و لاہور پولیس کے بہادر اور جری جوانوں پر ناز ہے۔ آپ اپنے فرائض محنت اور پروفیشنل ازم سے سرانجام دے رہے ہیں۔ انہوں نے فرائض سرانجام دینے والے پولیس جوانوں کو ہدایت کی کہ شرپسندوں کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی کے تحت سخت کارروائی کی جائے اور شہریوں کے روزمرہ معمولات میں رکاوٹیں ڈالنے والے عناصر سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے۔ انہوں نے کہا کہ آپ اسی طرح مزید ہمت سے فرائض کی انجام دہی جاری رکھیں، ہم سب اور قوم آپ کے ساتھ ہے

بقیہ 18

پابندی نہ لگی تو پھر یہ آگے کیا کریں گے، قانون نافذ کرنے والے اداروں کو قانون کے مطابق ڈیل کرنا ہوگا، اس طرح کی جماعت کی پاکستان میں کوئی جگہ نہیں۔

بقیہ 19

مین منرو کہ وقف املاک بورڈ کے چیئرمین کو مبینہ طور پر استعفیٰ دینے پر مجبور کرنے کے معاملے کی تحقیقات کی پیشکش کر دی۔ حکومت کی جانب سے کہا گیا ہے کہ افواہ کی بنیاد پر توجہ دلاؤ نوٹس پیش نہ کیا جائے۔ ثبوت سے آگاہی ضروری ہے۔ منگل کو قومی اسمبلی کا اجلاس اسپیکر راجہ پرویز اشرف کی صدارت میں ہوا۔ جماعت اسلامی کے رہنما مولانا عبدالاکبر چترالی نے کہا کہ خیبر پختونخوا کے عوام گندم کے معاملے پر سخت ذہنی اذیت سے دوچار ہیں، گندم کی شدید قلت پیدا ہو چکی ہے، گندم روکنے پر صوبہ پختونخوا میں پنجاب کے خلاف نفرت بڑھ رہی ہے وزیر پارلیمانی امور مرتضیٰ جاوید عباسی نے کہا کہ قلت کے ساتھ گندم کی قیمتیں بھی بڑھ گئی ہیں وزیر اعظم سے رابطہ کیا ہے مسئلہ بتادیا ہے وہ اسے حل کر رہے ہیں۔

بقیہ 20

پر ہائیکورٹ فیصلے کیخلاف درخواست پر ساعت ہوئی۔ چیف جسٹس کی سربراہی میں 3 رکنی بینچ نے درخواست پر ساعت کی، سپریم کورٹ کے بینچ میں جسٹس محمد علی مظہر اور جسٹس اطہر من اللہ شامل ہیں۔ چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کی قانونی ٹیم سپریم کورٹ میں پیش ہوئیں، وکیل حامد خان نے بتایا کہ عمران خان قبل از گرفتاری ضمانت کیلئے عدالت آئے تھے، گرفتاری کیوقت عمران خان سے بدسلوکی کی گئی، عمران خان بائیومیٹرک کرا رہے تھے تو دروازہ توڑ کر گرفتار کیا گیا۔ چیف جسٹس نے استفسار کیا عمران خان ہائیکورٹ میں کس کیس میں پیش ہوئے تھے،، وکیل عمران خان نے کہا دروازہ اور کھڑکیاں توڑ کر عمران خان کو گرفتار کیا گیا، بائیومیٹرک کرانا عدالتی عمل کا حصہ ہے، عمران خان کیساتھ بدسلوکی اور پرتشدد گرفتاری ہوئی۔ چیف جسٹس پاکستان کا کہنا تھا کہ ریکارڈ کے مطابق مقدمہ شاید کوئی اور مقرر تھا، خوف کی فضا بنائی گئی، کسی بھی فرد کو احاطہ عدالت سے کیسے گرفتار کیا جاسکتا ہے۔ جسٹس عطا عمر بندیال نے ریمارکس دیئے کہ ماضی میں عدالت میں توڑ پھوڑ پر وکلا پر توہین عدالت کی کارروائی کی گئی، کسی فرد نے عدالت میں سرنڈر کیا تو اس کو گرفتار کرنے کا کیا مطلب، عدالتی حکم کے مطابق درخواست ضمانت دائر ہوئی تھی لیکن مقرر نہیں۔ جسٹس اطہر من اللہ نے استفسار کیا کیا بائیومیٹرک سے پہلے درخواست دائر ہو جاتی ہے، چیف جسٹس کا کہنا تھا کہ نیب نے عدالت کی توہین کی ہے۔ چیف جسٹس نے استفسار کیا عمران خان کو نیب کیسے کتنے افراد نے گرفتار کیا؟ وکیل عمران خان نے بتایا کہ عمران خان کو 80 سے 90 افراد نے گرفتار کیا، جس پر چیف جسٹس نے مزید استفسار کیا 90 افراد احاطہ عدالت میں داخل ہوئے تو عدالت کی کیا توقیر رہی؟ کسی بھی فرد کو احاطہ عدالت سے کیسے گرفتار کیا جاسکتا ہے۔ جسٹس عطا عمر بندیال نے ریمارکس دیئے کوئی شخص بھی آئندہ انصاف کیلئے خود کو عدالت میں محفوظ تصور نہیں کرے گا، گرفتاری سے قبل رجسٹرار سے اجازت لینا چاہیے تھا۔ جسٹس اطہر من اللہ کا کہنا تھا کہ نیب اس قسم کی حرکتیں پہلے بھی کر چکا ہے، ایسے ہتھکنڈوں اور کارروائیوں کا اختتام ہونا چاہیے

بقیہ 21

دروازہ توڑ کر اندر داخل ہوئے، سامان باہر پھینک دیا اور شیشے توڑ دیے۔ انہوں نے الیکشن کمیشن کا تمام ریکارڈ پھاڑ دیا، دفتر میں کھڑی 7 گاڑیوں کے شیشے توڑ دیے، جبکہ دو موٹر سائیکلیں بھی جلا دیں۔ کارکنان نے دفتر کے تمام کمپیوٹرز، کانفرنس روم میں لگی بڑی اسکرین کے ٹکڑے کر دیے۔ پولیس نے موقع پر پہنچ کر مشتعل مظاہرین کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 10 افراد کو گرفتار کر لیا۔ پشاور میں ہنگامہ آرائی کے خدشات کے باعث کاروباری مراکز جزوی طور پر بند ہیں۔ خیبر بازار، مین جی ٹی روڈ، اشرف روڈ پر دکانیں بند ہیں اور شاہراہوں پر ٹریفک انتہائی کم ہے۔ شہر میں بی آر ٹی سروس آج بھی معطل ہے اور لوکل ٹرانسپورٹ بھی نہ ہونے کے برابر ہے۔ احتجاج کے دوران بی آر ٹی کی 11 بسوں کو نقصان پہنچا تھا۔ علاوہ ازیں پشاور میں ریڈیو پاکستان پر حملہ کرنے والے 20 افراد کی شناخت کر لی گئی۔ سی سی پی او کے مطابق حملہ کرنے والے 20 افراد کو گرفتار کر کے ان کے خلاف تھانہ شرقی میں مقدمہ درج کر لیا گیا۔ مقدمے میں دہشت گردی، پولیس پر پتھراؤ، جلاؤ گھیراؤ، سرکاری املاک کو نقصان پہنچانے کی دفعات شامل کی گئی ہیں۔

بقیہ 22

منتشر ہونے کے بعد شہر کی سڑکیں کھول دی گئی ہیں تاہم مال روڈ انڈر پاس سے لے کر دھرم پورہ انڈر پاس تک ٹریفک کیلئے بند ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ لاہور کی مختلف شاہراہوں پر پولیس کی نفری تعینات ہے، بدھ کی رات سے بند فیروز پور روڈ قرطبہ چوک ٹریفک کیلئے کھول دیا گیا جبکہ کنال روڈ، جیل روڈ اور ظفر علی روڈ پر بھی ٹریفک رواں دواں ہے

بقیہ 23

دور کنی پنج نے کی۔ پشاور ہائی کورٹ نے سابق وزیر اعظم عمران خان اور ایف بی آر کو نوٹس جاری کرتے ہوئے جواب طلب کر لیا۔ درخواست میں عمران خان پر کاغذات نامزدگی میں اثاثے چھپانے کا الزام ہے، عمران خان نے توشہ خانہ تحائف غیر قانونی طور پر فروخت کیے، عمران خان نے اپنی اہلیہ کی 70 لاکھ روپے مالیت کی جیولری کو کاغذات نامزدگی فارم میں بھی ظاہر نہیں کیا، عمران خان نے ضمنی الیکشن میں کاغذات نامزدگی فارم میں اثاثے چھپائے جو الیکشن ایکٹ 2017ء کی خلاف ورزی ہے۔ دریں اثنا دوران عدت نکاح کرنے پر عمران خان کی نااہلی کے لیے دائر کی گئی ایک درخواست نمٹا دی گئی۔ درخواست کی سماعت چیف جسٹس سمرت ہلالی اور جسٹس شکیل احمد پر مشتمل دو رکنی بنچ نے کی۔ درخواست گزار وکیل نے موقف اختیار کیا تھا کہ عمران خان نے عدت کے دوران بشریٰ بی بی کے ساتھ نکاح کیا، جب طلاق ہو جائے تو پھر عدت کی مدت تین ماہ ہوتی ہے، جب فوت ہو جائے تو پھر عدت کی مدت 4 مہینے اور 10 ہوتی ہے۔ درخواست گزار نے مزید کہا کہ جس عالم دین نے عمران خان کا نکاح پڑھایا اس نے بیان دیا ہے کہ عمران خان نے دوسری دفعہ نکاح کیا، عمران خان نے سائفر کا ایشو بنایا اور فوج پر الزامات لگائے۔ اس درخواست پر پشاور ہائی کورٹ کی چیف جسٹس سمرت ہلالی نے کہا کہ یہ ایک سیاسی کیس ہے۔ درخواست گزار وکیل نے کیس واپس لینے کی استدعا کر دی جس پر عدالت نے درخواست واپس لینے پر نمٹا دی

بقیہ 24

کہا کہ مجھے عمران خان نے وزیر اعلیٰ بنایا تھا، ایسی بات کیسے کرتا جس سے عمران خان کو ذہنی اذیت ہوتی، ہم نے کہا تھا کہ اپنی مرضی کے لوگ لگا لیں، ہمیں اعتراض نہیں۔ چوہدری پرویز الٰہی نے کہا کہ انہوں نے عمران خان کو پیش کش بھی کی تھی کہ انہیں تحقیقات کے لیے جو بھی افسر چاہیے وہ اس سے تحقیقات کرانے کے لیے تیار ہیں، ہمیں اعتراض نہیں۔ سابق وزیر اعلیٰ پنجاب کا کہنا تھا کہ آپ کسی جج کے خلاف ایف آئی آر نہیں دے سکتے، ان کا اپنا ادارہ موجود ہے، آپ فوج کے ادارے کے خلاف بھی ایف آئی آر نہیں دے سکتے۔

بقیہ 25

ہوگئی۔ جس میں عدالت نے سابق وزیر اعلیٰ پنجاب کی عبوری ضمانت خارج کر دی۔ انسداد دہشت گردی عدالت کے جج نے چوہدری پرویز الٰہی کی دہشت گردی کے مقدمے میں درخواست عدم پیروی پر خارج کی۔ لاہور ہائیکورٹ نے سابق وزیر اعلیٰ پنجاب کی حفاظتی ضمانت 11 مئی تک منظور کر رکھی تھی۔ چوہدری پرویز الٰہی نے حاضری سے استثنیٰ کی درخواست جمع کرائی تھی۔ عدالت نے پی ٹی آئی صدر کی ایک روزہ حاضری سے استثنیٰ کی درخواست بھی مسترد کر دی۔

بقیہ 26

پر جس طرح قومی املاک کو نقصان پہنچایا گیا وہ ناقابل برداشت ہے۔ حامد حمید نے مزید کہا کہ یہ تربیت یافتہ بلوائی تھے جنہوں نے سوچے سمجھے منصوبے کے تحت گھیراؤ، جلاؤ کر کے ملک میں افراتفری پھیلانے کی کوشش کی۔ چوہدری حامد حمید نے کہا کہ اس وقت پاکستان کسی بھی احتجاج کا متحمل نہیں ہو سکتا، ان کیخلاف دہشتگردی ایکٹ کے تحت مقدمات درج کیے جائیں

بقیہ 27

تعین اور تنازعات کا حل موجود ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کو دستور پاکستان کی گولڈن جوبلی کے سلسلے میں بین الاقوامی کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے کیا، بین الاقوامی کنونشن کا عنوان آئین میں مختلف بحرانوں کے چیلنجز سے نمٹنے سے متعلق مختلف امور ہیں۔ سینیٹر مشاہد حسین سید نے کہا کہ پاکستان ووٹ کے ذریعے معرض وجود میں آیا، پاکستان جمہوریت قانون کی حکمرانی اور آئین کی بنیاد پر کھڑا ہے، ایگزیکٹو قانون ساز اور عدلیہ تین اہم ستون ہیں۔ انہوں نے کہا کہ غیر آئینی قوتوں کی مداخلت سے مسائل جنم لیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پارلیمنٹ اپنے ممالک اور عوام کی ترجمانی کرتی ہے، سیاسی جماعتوں کے درمیان ہم آہنگی آئین سے ہے

بقیہ 28

ڈسچارج کروا کر رہائی کا پروانہ دے دیا جاتا ہے بعد ازاں متعلقہ مقدمہ کے تفتیشی افسران مقدمہ میں عدم پتہ کی رپورٹ بنا کر اپنی چالان جمع کروانے کی ذمے داری سے جان چھڑوا لیتے ہیں، خواتین سے زیادتی کیسز میں زیادہ تر مقدمات ابتدائی سطح پر ہی ختم ہو کر رہ جاتے ہیں متعلقہ تفتیشی افسران کی طرف سے مقدمہ کی مدعیہ و گواہان کو کئی کئی ماہ تک تفتیش ان کے بیانات ریکارڈ کرنے کے لیے بلایا نہیں جاتا جبکہ ملوث ملزم کے گرد شوت ستانی کی خاطر گھیرا تنگ کر دیا جاتا ہے مقدمہ میں ملزمان کی فراہمی کے بعد انہیں رعایت دینے کے لیے محکمانہ اختیارات سے تجاوز کیا جاتا ہے جس کے بعد ملزمان کی طرف سے لی گئی ضمانتوں کو واپس لینے کے بھی انکشافات ہوئے ہیں تفتیشی افسران کی طرف سے ڈی این اے رپورٹ آنے تک التواء کا سلسلہ شروع کیا جاتا ہے اس طرح زیادتی کے اصل مقدمات میں بھی ملزمان سے صلح کر کے من مرضی کے بیانات کے ذریعے انہیں مقدمہ سے رہائی دلوانے کی کوشش کی جاتی ہے جبکہ تفتیشی افسران کی طرف سے ریپ کیسز کے مقدمات کو یکسو مقررہ وقت پر نہ کیا جانا معمول بن چکا ہے زیادہ تر کیسز کے چالان ہی جمع نہ ہوتے ہیں۔

بقیہ 29

ہے۔ ہنگامہ آرائی میں ملوث افراد کی لسٹ میں تحریک انصاف پنجاب کی صدر ڈاکٹر یاسمین راشد، پی ٹی آئی لاہور کے صدر امتیاز شیخ، اعجاز چوہدری، زبیر خان نیازی اور علی امتیاز وڑائچ شامل ہیں۔ اس کے علاوہ حسان نیازی، عالیہ حمزہ، عالیہ شہزاد، محمد مدنی، رائے اسلم کھرل، عثمان اکرم، ملک وقار، ناصر سلمان اور غلام محی الدین دیوان سمیت دیگر رہنما شامل ہیں۔ دوسری جانب ترجمان پنجاب پولیس نے کہا ہے کہ عمران خان کی گرفتاری کے بعد جلاؤ گھیراؤ اور توڑ پھوڑ میں ملوث 1650 سے زائد شرپسند عناصر کو گرفتار کر لیا گیا ہے۔

بقیہ 30

ایڈجسٹمنٹ کی مد میں کیا جائے گا، میپرا میں حکومت کی درخواست پر 24 مئی کو سماعت ہوگی۔ یاد رہے کہ کچھ روز قبل وفاقی وزیر توانائی خرم دستگیر نے کہا تھا کہ ملک میں آئندہ بجلی کی قیمت نہیں بڑھائی جائے گی، موسم گرما میں بجلی فراہمی کی صورتحال بہتر ہوگی، اس سال 3 ہزار میگاواٹ بجلی سسٹم میں شامل کی ہے، اب درآمدی فیول والے بجلی کارخانے نہیں لگیں گے۔ انہوں نے کہا کہ اس سال 3 ہزار میگاواٹ بجلی سسٹم میں شامل کی ہے، کراچی نیوکلیئر پلانٹ کا افتتاح بھی کر دیا گیا۔ 15 ارب کی لاگت سے تھرمیاری لائن مکمل کر لی ہے، تھرمیاری لائن تھر پی او کے مطابق حملہ کرنے والے 20 افراد کو گرفتار کر کے ان کے خلاف تھانہ شرقی میں مقدمہ درج کر لیا گیا۔ مقدمے میں دہشت گردی، پولیس پر پتھراؤ، جلاؤ گھیراؤ، سرکاری املاک کو نقصان پہنچانے کی دفعات شامل کی گئی ہیں۔

بقیہ 31

آگاہ کیا۔ اپنی پریزنٹیشن کے دوران انہوں نے اقتصادی رپورٹنگ میں حقائق اور ڈیٹا کی اہمیت

عمران خان سے تحقیقات کا باضابطہ آغاز، نیب نے سوالنامہ حوالے کر دیا

تفتیشی ٹیم نے زبانی سوال و جواب کرنے کے ساتھ عمران خان کو ایک سوالنامہ بھی بھرنے کیلئے دیا ہے

پی ٹی آئی چیئرمین کیخلاف کیسز کی سماعت کیلئے نیب کورٹ اور ڈسٹرکٹ کورٹ کو پولیس لائن میں شفٹ کر دیا گیا تھا

اسلام آباد (نامہ نگار) نیب نے چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان سے القادر ٹرسٹ کرپشن کیس میں تفتیش کا باضابطہ آغاز کر دیا۔ تفتیشی ٹیم نے زبانی سوال وجواب کرنے کے ساتھ عمران خان کو ایک سوالنامہ بھی بھرنے کیلئے دیا ہے۔ عمران خان پر القادر ٹرسٹ کیس میں مبینہ کرپشن کا الزام ہے، انہیں پولیس لائنز اسلام آباد میں رکھا گیا ہے جسے سب جیل قرار دے دیا گیا، وہاں سیکورٹی کے بھی سخت انتظامات کئے گئے ہیں۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز القادر ٹرسٹ کیس میں گرفتار عمران خان کو پولیس لائنز اسلام آباد میں قائم عدالت میں پیش کیا گیا، نیب نے 14 روزہ جسمانی ریمانڈ کی استدعا کی، تاہم عدالت نے سابق وزیراعظم کا 8 روز کا جسمانی ریمانڈ منظور کرتے ہوئے انہیں نیب کی تحویل میں دیدیا، چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان نے اپنے خاص معالج ڈاکٹر (بقیہ نمبر 35)

اسلام آباد: ایران اور سعودی عرب ڈیل کے باعث خطے میں بہتری آئے گی، اسحاق ڈار

پاک فوج اور قانون نافذ کرنیوالے اداروں کا اسلام آباد اور راولپنڈی میں فلیگ مارچ

فلیگ مارچ کے دوران پاک فوج اور قانون نافذ کرنے والے اداروں نے سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا

سکیورٹی خدشات کے پیش نظر فلیگ مارچ اسلام آباد، کانسٹیٹیوشنل ایونیو اور راولپنڈی کے مختلف علاقوں میں کیا جا رہا ہے

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) پاک فوج اور قانون نافذ کرنے والے اداروں نے اسلام آباد اور راولپنڈی میں فلیگ مارچ کیا۔ فلیگ مارچ کے دوران پاک فوج اور قانون نافذ کرنے والے اداروں نے سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا۔ سکیورٹی خدشات کے پیش نظر فلیگ مارچ اسلام آباد، کانسٹیٹیوشنل ایونیو اور راولپنڈی کے مختلف علاقوں میں کیا جا رہا ہے، فلیگ مارچ کا مقصد شہر کی سکیورٹی کو فول پروف بنانا ہے۔ پاک فوج اور قانون نافذ کرنے والے اداروں نے اسلام آباد اور راولپنڈی میں فلیگ مارچ کیا۔ فلیگ مارچ کے دوران (بقیہ نمبر 32)

لاہور: احتجاج کی کال واپس، تحریک انصاف کی کارکنوں کو جشن منانے کی ہدایت

زاہد اکرم درانی کی ایران اور کرغزستان کے پارلیمانی وفود سے ملاقاتیں

پاکستان ایران کے ساتھ اپنے دیرینہ برادرانہ تعلقات کو بڑی اہمیت دیتا ہے

دونوں پارلیمانوں میں رابطوں کو دوطرفہ تعلقات کو مزید وسعت دینے کیلئے اہم قرار دیا

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی زاہد اکرم درانی نے کہا ہے کہ پاکستان ایران کے ساتھ اپنے دیرینہ برادرانہ تعلقات کو بڑی اہمیت دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایران پاکستان کا اہم ہمسایہ ملک ہے انہوں نے حالیہ سیلاب اور کوہ سلیمان کی پہاڑوں میں آگ لگنے کے واقعہ کے دوران ایرانی حکومت کی بروقت امداد پر شکریہ ادا کیا۔ ان خیالات کا اظہار ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی نے ایران کی مجلس شوریٰ اسلامی کی پارلیمانی کمیٹی برائے قومی سیکورٹی اور خارجہ پالیسی کے چیئرپرسن واحد جلال (بقیہ نمبر 34)

قومی اسمبلی میں آئین کی گولڈن جوبلی کے موقع پر مریہ معروف کو تقریر کرنے پر شیلڈ دی گئی

راولپنڈی پولیس کی ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف موثر کاروائیاں

08 ملزمان گرفتار، اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد، مقدمات درج،، ایس ایس پی آپریشنز

ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائیاں جاری رکھی جائیں گی، محمد عامر خان نیازی

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) راولپنڈی پولیس کی ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف موثر کاروائیاں، 08 ملزمان گرفتار، اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق گنجمنڈی پولیس نے ملزم منیر سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ملزم مہوال سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، سول لائنز پولیس نے ملزم حمزہ سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ملزم خرم شہزاد سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، صدر واہ پولیس نے ملزم بلال ازرم سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ملزم فیضان سے (بقیہ نمبر 33)

پشاور: تحریک انصاف کی قیادت انڈر گراؤنڈ، تمام رابطے منقطع

پشاور (جنرل رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کی قیادت ملک میں جاری حالات کے تناظر میں انڈر گراؤنڈ ہو گئی اور تمام رابطے منقطع کر دیے ہیں۔ چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کی گرفتاری اور جسمانی ریمانڈ کے بعد دیگر مرکزی قیادت کی گرفتاریوں کے بعد خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی کی مقامی قیادت انڈر گراؤنڈ ہو گئی (بقیہ نمبر 38)

ریلوے انتظامیہ کا کراچی سے ملتان کے درمیان چلنے والی بہاؤالدین ذکریا ایکسپریس کو یکم جون سے بحال کرنے کا فیصلہ

لاہور (سٹی رپورٹر) ریلوے انتظامیہ نے عوام کی سہولت کے پیش نظر کراچی سٹی۔ ملتان۔ کراچی سٹی کے درمیان چلنے والی بہاؤالدین ذکریا ایکسپریس (25Up/26Dn) کو یکم جون 2023 سے بحال کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ یہ ٹرین موسم گرما 2023 کے ٹائم ٹیبل میں درج اوقات کار کے مطابق چلے گی۔ ریلوے انتظامیہ نے عوام کی سہولت کے پیش نظر کراچی سٹی - ملتان - کراچی سٹی (بقیہ نمبر 40)

القادر ٹرسٹ کیس میں عمران خان کی اہلیہ کی گرفتاری کا بھی امکان

نیب عدالت کی اجازت کے بعد بشریٰ بی بی کو گرفتار کر کے القادر ٹرسٹ کیس میں تحقیقات کرے گا

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) نیب نے چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کی اہلیہ بشریٰ بی بی اور زلفی بخاری کو گرفتار کرنے کی اجازت دی جائے تاکہ القادر ٹرسٹ کیس میں تحقیقات کی جاسکیں۔ جب کہ پاکستان میں حزب اختلاف کی جماعت پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کا کہنا ہے کہ اس کے سینئر (بقیہ نمبر 36)

کلر سیداں پولیس کی فوری کاروائی، مطلوبہ ملزم گرفتار

17 سالہ لڑکی سے زیادتی کرنے والا ملزم گرفتار، کلر سیداں پولیس

فرار ملزم عدیل کو گرفتار کر کے ملزمان کو قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) کلر سیداں پولیس کی فوری کاروائی، 17 سالہ لڑکی سے زیادتی کرنے والا ملزم گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق کلر سیداں پولیس کو متاثرہ لڑکی کی والدہ نے درخواست دی کہ ملزم حسنین اور عدیل نے اس کی بیٹی کو زیادتی کا نشانہ بنایا، کلر سیداں پولیس نے فوری مقدمہ درج کر کے ملزم حسنین کو گرفتار کر لیا، ملزم عدیل کی گرفتاری کے لیے ریڈز کیے جا رہے ہیں، متاثرہ لڑکی کا میڈیکل پراسیس کروایا جا رہا ہے، ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر کا کہنا تھا کہ فرار ملزم عدیل کو گرفتار کر کے ملزمان کو قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، خواتین سے زیادتی جیسے واقعات ناقابل برداشت ہیں۔ کلر سیداں پولیس کی فوری کاروائی، 17 سالہ لڑکی سے زیادتی کرنے والا ملزم گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق کلر سیداں پولیس کو متاثرہ لڑکی کی والدہ نے درخواست دی کہ ملزم حسنین اور عدیل نے اس کی بیٹی کو زیادتی کا نشانہ بنایا، کلر سیداں پولیس نے فوری مقدمہ درج کر کے ملزم حسنین کو گرفتار کر لیا، ملزم عدیل کی گرفتاری کے لیے ریڈز کیے جا رہے ہیں (بقیہ نمبر 37)

جناح ہاؤس حملہ: شرپسندوں نے قائداعظم کا پیانو، رائٹنگ ٹیبل اور تلوار بھی جلا ڈالی

لاہور (جنرل رپورٹر) ترجمان پنجاب پولیس نے کہا ہے کہ شرپسندوں نے جناح ہاؤس لاہور میں قائداعظم محمد علی جناح کا پیانو، رائٹنگ ٹیبل ڈیسک اور تلوار بھی جلا ڈالی، یہ نوادرات بانی پاکستان نے حکومت پاکستان کو عطیہ کی تھیں اور بطور قومی ورثہ یہاں محفوظ تھیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق لاہور میں 63، راولپنڈی 28، فیصل آباد 21، اٹک 10، گوجرانوالا 13، سیالکوٹ 5 اور میانوالی میں 6 (بقیہ نمبر 41)

عمران خان کو معالج اور اہلیہ سے ملاقات کی اجازت ہوگی، القادر کیس کا تحریری فیصلہ جاری

اسلام آباد (نامہ نگار) احتساب عدالت نے عمران خان کے القادر ٹرسٹ کیس میں 8 روزہ جسمانی ریمانڈ پر تحریری فیصلہ جاری کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز عدالت نے چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کا 8 روز کا جسمانی ریمانڈ منظور کرتے ہوئے انہیں نیب کے حوالے کیا تھا۔ عدالت نے تحریری فیصلہ جاری کرتے ہوئے سابق وزیراعظم عمران خان کو اہلیہ، رشتے داروں اور ذاتی معالج سے (بقیہ نمبر 42)

چینی کمپنی کا اسلام آباد کے طلبا کے لیے آر او واٹر ٹریٹمنٹ کا سامان عطیہ

چینی کمپنیاں عالمی پائیدار ترقی میں فعال کردار ادا کر رہی ہیں، چینی کمپنی

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) چینی ماحولیاتی ٹیکنالوجی کمپنی، چونگ رن لان انوائرمینٹل ٹیکنالوجی (گ) کمپنی لمیٹڈ نے بین الاقوامی اداروں کے تعاون سے اسکول کے پانی کے معیار کے چیلنجوں سے نمٹنے کے لیے اسلام آباد ماڈل کالج کو ریورس اوسموسس (آر او) واٹر ٹریٹمنٹ کا سامان عطیہ کیا ہے۔ گزشتہ ماہ کمپنی کے انجینئرز کی ایک ٹیم تکنیکی رہنمائی فراہم کرنے اور اسکول میں آلات کی تنصیب کے لیے پاکستان پہنچی۔ چائنا اکنامک نیٹ کے مطابق رن لان نے کہا ہے کہ چین کے ''بیلٹ اینڈ روڈ (بقیہ نمبر 44)

راولپنڈی پولیس کی منشیات فروشوں اور شراب سپلائرز کے خلاف کاروائیاں

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) راولپنڈی پولیس کی منشیات فروشوں اور شراب سپلائرز کے خلاف کاروائیاں، 05 ملزمان گرفتار، چرس اور شراب برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق وہ کینٹ پولیس نے ملزم وقاص کو گرفتار کر لیا، ملزم سے 01 کلو 560 گرام چرس برآمد ہوئی، ریس کورس پولیس نے ملزم عبدالہادی کو گرفتار کر کے (بقیہ نمبر 43)

توانائی ادارے پیڈو کو کمزور کرنے کی کوشش، افسران کا مزاحمت کا فیصلہ

ادارے کے سربراہ کو غیر قانونی طور پر ہٹانے، بیرونی مداخلت ناقابل برداشت ہے

ٹرانسفرز اور ڈیپوٹیشن کے عمل کو فوری طور پر بند کیا جائے، پیڈو آفیسرز ایسوسی ایشن

پشاور (نیوز رپورٹر) محکمہ توانائی و برقیات کے ذیلی ادارہ پختونخوا انرجی ڈیولپمنٹ آرگنائزیشن (پیڈو) کے افسران پر مشتمل پیڈو آفیسرز ایسوسی ایشن نے پیڈو جیسے اربوں روپے سالانہ منافع بخش اور ترقیافتہ ادارے کے خلاف بیرونی عناصر کی مداخلت اور ادارے کے سربراہ کو غیر قانونی طور پر ہٹانے کی سازش کے خلاف بھرپور مزاحمت کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس سلسلے میں پیڈو آفیسرز ایسوسی ایشن کی جنرل باڈی کا ہنگامی اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں حالیہ دنوں پیڈو کی اعلیٰ مینجمنٹ کے خلاف جھوٹے الزامات لگا کر بے بنیاد انکوائریوں کے ذریعے مداخلت کرنے اور پیڈو جیسے ترقیافتہ ادارے کو کمزور کرنے کی سازشوں پر سخت تشویش کا اظہار کیا گیا۔ اسی طرح پیڈو چیف ایگزیکٹو انجینئر نعیم خان کی ادارے کے لئے گزشتہ 9 سالہ خدمات پر خراج تحسین پیش کیا گیا جنہوں نے پیڈو ملازمین کے عرصہ دراز سے حل طلب ترقیوں وتعیناتی کے مسائل کے حل کے لئے پیڈو رولز 2020 کو کابینہ سے منظور کرایا بلکہ ان کے (بقیہ نمبر 39)

فیصل آباد میں کینسر، مرگی سمیت کئی امراض کی ادویات مارکیٹ سے غائب

شہر کی مارکیٹوں میں جو ادویات دستیاب ہیں ان کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ کر دیا گیا

فیصل آباد (جنرل رپورٹر) پاکستان کے تیسرے بڑے شہر فیصل آباد میں کینسر، مرگی، گردوں کے ڈائلسز اور تھیلیسیمیا سمیت کئی امراض کی ضروری ادویات مارکیٹس سے غائب ہوگئیں۔ رپورٹس کے مطابق شہر کی مارکیٹوں میں جو ادویات دستیاب ہیں ان کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ کر دیا گیا ہے جس کی وجہ سے مریض مہنگے داموں بلیک میں ادویات خریدنے پر مجبور ہیں۔ فیصل آباد کے میڈیکل سٹورز میں ان دنوں کینسر، مرگی، گردے ڈائلسز، تھیلیسیمیا اور بخار سمیت کئی امراض کی ضروری ادویات دستیاب نہیں ہیں۔ لوگ ادویات کی تلاش میں مارے مارے پھرتے نظر آرہے ہیں اور قیمتوں کے یک دم کئی (بقیہ نمبر 48)

عمران خان سے ملاقات کی اجازت ہوگی

عمران خان کو معالج اور اہلیہ سے ملاقات کی اجازت ہوگی، القادر کیس کا تحریری فیصلہ جاری

اسلام آباد (نامہ نگار) احتساب عدالت نے عمران خان کے القادر ٹرسٹ کیس میں 8 روزہ جسمانی ریمانڈ پر تحریری فیصلہ جاری کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز عدالت نے چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کا 8 روز کا جسمانی ریمانڈ منظور کرتے ہوئے انہیں نیب کے حوالے کیا تھا۔ عدالت نے تحریری فیصلہ جاری کرتے ہوئے سابق وزیراعظم عمران خان کو اہلیہ، رشتے داروں اور ذاتی معالج سے (بقیہ نمبر 42)



اسلام آباد: عمران خان کے وکلا کا کل اسلام آباد ہائی کورٹ میں ہی پیش ہونے کا فیصلہ

لاہور سمیت پنجاب میں پرتشدد احتجاج، کچہ آپریشن سے نفری بلالی گئی

آئی جی آفس کے افسران لاہور پولیس کے افسران کیساتھ مل کر لا اینڈ آرڈر کو کنٹرول کریں گے، ذرائع

ایلیٹ فورس کی بھی اہم مقامات پر ڈیوٹیاں لگادی گئیں جبکہ آئی جی آفس کے آفسران کی بھی اہم پوائنٹس پر ڈیوٹیاں لگادی گئیں ہیں

لاہور (خصوصی رپورٹر) لاہور سمیت پنجاب بھر میں ہونیوالے احتجاج کے بعد پنجاب کانسٹیبلری کے 15 سو اہلکار کو کچہ آپریشن سے واپس لاہور بلا لیا گیا۔ ذرائع کے مطابق پنجاب کانسٹیبلری کے 15 سو اہلکاروں کو کچہ آپریشن کے لیے بھجوایا گیا تھا، پرتشدد مظاہرین کو کنٹرول کرنے کے لیے ایس پی یو کے اہلکاروں کو بھی ڈیوٹیاں لگادی گئیں۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ ایلیٹ فورس کی بھی اہم مقامات پر ڈیوٹیاں لگادی گئیں جبکہ آئی جی آفس کے آفسران کی بھی اہم پوائنٹس پر ڈیوٹیاں لگادی گئیں ہیں۔ آئی جی آفس کے افسران لاہور پولیس کے افسران کیساتھ مل کر لا اینڈ آرڈر کو کنٹرول کریں گے۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ صورتحال کو کنٹرول کرنے کے لیے لاہور پولیس الرٹ ہے۔ لاہور سمیت پنجاب بھر میں ہونیوالے احتجاج کے بعد پنجاب کانسٹیبلری کے 15 سو اہلکار کو کچہ آپریشن سے واپس لاہور بلا لیا گیا۔ ذرائع کے مطابق پنجاب کانسٹیبلری کے 15 سو اہلکاروں کو کچہ آپریشن کے لیے بھجوایا گیا تھا، پرتشدد مظاہرین کو کنٹرول کرنے کے لیے ایس پی یو کے اہلکاروں کو بھی ڈیوٹیاں لگادی گئیں۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ ایلیٹ فورس کی بھی اہم مقامات پر ڈیوٹیاں لگادی گئیں جبکہ آئی جی آفس کے آفسران کی بھی اہم پوائنٹس پر ڈیوٹیاں لگادی گئیں ہیں۔ آئی جی آفس کے افسران لاہور پولیس کے افسران کیساتھ مل کر لا اینڈ (بقیہ نمبر 51)

وزیر تعمیرات وزیر محمد سلیم نے مہدی آباد تا دیوسائی کتی شوروڈ کا سنگ بنیاد رکھ دیا

استور (جنرل رپورٹر) وزیر تعمیرات وزیر محمد سلیم نے کھرمنگ، یونین کونسل کتی شوکی عوام کا درینہ مطالبہ پورا کرتے ہوئے مہدی آباد تا دیوسائی کتی شوروڈ کا سنگ بنیاد رکھ دیا۔ اس موقع پر یونین کونسل کتی شو اور مہدی آباد کے نمائندین، چیف انجینئر تعمیرات عامہ بلتستان ڈویژن وزیر غلام رسول اور ایگزیکٹو انجینئر تعمیرات کھرمنگ یاسر علی قزلباش (بقیہ نمبر 54)

لاہور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی میں ڈیجیٹلائزیشن سے کمپنی کی کارکردگی بہتر ہوگی، نگران وزیر بلدیات

لاہور (جنرل رپورٹر) نگران وزیر بلدیات ابراہیم مراد نے کہا ہے کہ پنجاب میں صاف ستھرا اور صحت مند ماحول فراہم کرنا ہماری اولین ترجیح ہے۔ لاہور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی میں ڈیجیٹلائزیشن کے نتیجے میں کمپنی کی کارکردگی میں بہتری آئے گی اور (بقیہ نمبر 55)

اسلام آباد میں مختلف سڑکیں کھول دی گئیں، پولیس لائنز کے چاروں اطراف کی سڑکیں بند

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) سابق وزیراعظم عمران خان کی گرفتاری کے بعد ہونے والے احتجاج کے بعد بند کی جانے والی مختلف سڑکیں کھول دی گئیں۔ اسلام آباد پولیس لائنز کے گیٹ پر پولیس کی بھاری نفری موجود ہے، چاروں اطراف (بقیہ نمبر 61)

بنی پولیس قمار بازوں کے خلاف کاروائی، ملزمان گرفتار

تاش پر جواء کھیلنے والے 09 قمار باز گرفتار، داؤ پر لگی رقم برآمد

گرفتار ملزمان میں عارف، عمران، صغیر، عامر، مقصود، طاہر، لیاقت، بابر اور طارق شامل ہیں

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) بنی پولیس قمار بازوں کے خلاف کاروائی، تاش پر جواء کھیلنے والے 09 قمار باز گرفتار، داؤ پر لگی رقم 57 ہزار 890 روپے اور 18 موبائل فونز برآمد، مقدمہ درج۔ تفصیلات کے مطابق بنی پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے تاش پر جواء کھیلنے والے 09 قمار بازوں کو گرفتار کر لیا، گرفتار ملزمان میں عارف، عمران، صغیر، عامر، مقصود، طاہر، لیاقت، بابر اور طارق شامل ہیں، ملزمان سے داؤ پر لگی رقم 57 ہزار 890 روپے، 18 موبائل فونز اور تاش کے پتے برآمد کر کے ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کرلیا، ایس پی راول فیصل سلیم کا کہنا تھا کہ قمار بازی دیگر معاشرتی برائیوں کی جڑ ہے (بقیہ نمبر 52)

اینکر عمران ریاض خان کو سیالکوٹ ائیرپورٹ سے گرفتار کر لیا گیا

عمران ریاض خان کی گرفتاری 3 ایم اے او کے تحت عمل میں لائی گئی۔ پولیس حکام

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) معروف اینکر عمران ریاض خان کو گرفتار کر لیا گیا۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ عمران خان سیالکوٹ ائیرپورٹ سے دبئی جانا چاہتے تھے۔ عمران ریاض خان کی گرفتاری 3 ایم اے او کے تحت عمل میں لائی گئی۔ گذشتہ شب عمران ریاض نے ایک ویڈیو پیغام میں بھی بتایا تھا کہ میرا پیچھا کیا جا رہا ہے، گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جا رہے ہیں لہذا مجھے ملک سے باہر جانا پڑے (بقیہ نمبر 53)

کراچی: ثابت ہو گیا عمران خان کل بھی لاڈلا تھا اور آج بھی لاڈلا ہے: شرجیل میمن

سرکاری و نجی اداروں پر حملہ اور جلاؤ گھیراؤ، 1650 شرپسند عناصر گرفتار

یاد رہے کہ اس سے قبل پی ٹی آئی قیادت کیخلاف دہشتگرد ی قتل اور اقدام قتل سمیت 20 دفعات کے تحت لاہور میں مقدمہ درج کیا گیا، ترجمان پنجاب پولیس

پرتشدد کارروائیوں میں 150 افسران اور اہلکار زخمی ہوئے، پولیس کے زیر استعمال 70 گاڑیوں کو بھی نقصان پہنچایا گیا

لاہور (نامہ نگار) سرکاری و نجی اداروں پر حملوں اور جلاؤ گھیراؤ میں ملوث شرپسند عناصر کو گرفتار کر لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ترجمان پنجاب پولیس نے کہا ہے کہ عمران خان کی گرفتاری کے بعد جلاؤ گھیراؤ اور توڑ پھوڑ میں ملوث 1650 سے زائد شرپسند عناصر کو گرفتار کیا گیا ہے۔ پرتشدد کارروائیوں میں 150 افسران اور اہلکار زخمی ہوئے، زخمی اہلکاروں میں لاہور کے 63، راولپنڈی 29، فیصل آباد 25 اور گوجرانوالہ کے 13 پولیس افسران و اہلکار شامل ہیں۔ ترجمان نے بتایا کہ پنجاب پولیس کے زیر استعمال 70 گاڑیوں کو نقصان پہنچایا گیا۔ لاہور میں 22، راولپنڈی 18، فیصل آباد 15، گوجرانوالہ 3، سیالکوٹ 5، بھکر 2، ملتان 4 اور اٹک میں 1 گاڑی کو نقصان پہنچایا گیا۔ آئی جی پنجاب عثمان انور نے کہا ہے کہ جلاؤ گھیراؤ میں ملوث شرپسند عناصر رعایت کے مستحق نہیں، تمام شرپسند عناصر کو ٹریس کر کے گرفتار کر رہے ہیں۔ یاد رہے کہ اس سے قبل پی ٹی آئی قیادت کیخلاف دہشتگرد ی قتل اور اقدام قتل سمیت 20 دفعات کے تحت لاہور میں مقدمہ درج کیا گیا، ترجمان پنجاب پولیس

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کا کچہ آپریشن سے نفری بلانے کا نوٹس

آئی جی پنجاب سے رپورٹ طلب، ذمہ داران کیخلاف کارروائی کا حکم

ایلیٹ فورس کی بھی اہم مقامات پر ڈیوٹیاں لگا دی گئیں، آئی جی آفس کے آفسران کی بھی اہم پوائنٹس پر ڈیوٹیاں لگا دی گئیں

لاہور (خصوصی رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کا کچہ آپریشن سے نفری بلانے کا نوٹس، آئی جی پنجاب سے رپورٹ طلب، ذمہ داران کیخلاف کارروائی کا حکم دیدیا گیا۔ ذرائع کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کا کچہ آپریشن سے نفری بلانے کا نوٹس، آئی جی پنجاب سے رپورٹ طلب، ذمہ داران کیخلاف کارروائی کا حکم دیدیا گیا۔ ذرائع کے مطابق ایلیٹ فورس کی بھی اہم مقامات پر ڈیوٹیاں لگا دی گئیں جبکہ آئی جی آفس کے آفسران کی بھی اہم پوائنٹس پر ڈیوٹیاں لگا دی گئیں ہیں۔ آئی جی آفس کے افسران لاہور پولیس کے افسران کیساتھ مل کر لا اینڈ آرڈر کو کنٹرول کریں گے۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ صورتحال کو کنٹرول کرنے کے لیے لاہور پولیس الرٹ ہے۔ لاہور سمیت پنجاب بھر میں ہونیوالے احتجاج کے بعد پنجاب کانسٹیبلری کے 15 سو اہلکار کو کچہ آپریشن سے واپس لاہور بلا لیا گیا۔ ذرائع کے مطابق پنجاب کانسٹیبلری کے 15 سو اہلکاروں کو کچہ آپریشن کے لیے بھجوایا گیا تھا، پرتشدد مظاہرین کو کنٹرول کرنے کے لیے ایس پی یو کے اہلکاروں کو بھی ڈیوٹیاں لگا دی گئیں۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ ایلیٹ فورس کی بھی اہم مقامات پر ڈیوٹیاں لگا دی گئیں ہیں (بقیہ نمبر 51)

ملکی حالات تشویشناک ہیں یہ وقت سیاست نہیں ملک بچانے کا ہے، محمد جاوید قصوری

گرفتاریاں قابل مذمت، اس سے حالات مزید ابتر ہونگے، حکومت ہوش کے ناخن لے، جماعت اسلامی پنجاب وسطی

جماعت اسلامی ملک میں قانون کی بالادستی چاہتی ہے، اس کے لئے ضروری ہے کہ تمام سیاسی جماعتیں قانون کا احترام کریں

لاہور (نیوز رپورٹر) امیر جماعت اسلامی پنجاب وسطی محمد جاوید قصوری نے کہا ہے کہ ملکی حالات تشویشناک ہیں، پرتشدد کارروائیوں سے مزید سنگین ہو جائیں گے۔ سیاسی جماعتیں انتشار اور جلاؤ گھیراؤ کی بجائے پرامن اور جمہوری طریقہ کار اختیار کریں، ملکی سلامتی کے لئے داخلی مسائل کا حل فوری نکالنا ہوگا۔ گرفتاریاں قابل مذمت ہیں۔ حکومت ہوش کے ناخن لے۔ یہ وقت سیاست نہیں بلکہ ملک بچانا کا ہے۔ چند شرپسند عناصر دشمنوں کا کام آسان کر رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز مختلف تقریبات سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی ملک میں (بقیہ نمبر 45)

اسلام آباد: عمران خان کو آج سپریم کورٹ میں بلا کر عزت و تکریم دی گئی: عطا اللہ تارڑ

عوامی مینڈیٹ چرانے والے رسوا ہوں گے، لیاقت بلوچ

لاہور (نیوز رپورٹر) نائب امیر جماعتِ اسلامی، سابق پارلیمانی لیڈر لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ عوامی مینڈیٹ چرانے والے رسوا ہوں گے، کراچی کے عوام نے جماعتِ اسلامی پر بڑا اعتماد (بقیہ نمبر 47)

محسن نقوی کو میعاد مکمل ہونے پر عہدے سے ہٹانے کی درخواست پر فیصلہ محفوظ

پنجاب میں نگراں حکومت کی آئین میں دی گئی میعاد مکمل ہو چکی، وکیل درخواست گزار

لاہور (جنرل رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ میں نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی کو میعاد مکمل ہونے پر عہدے سے ہٹانے کی درخواست پر فیصلہ محفوظ کر لیا۔ ہائیکورٹ میں جسٹس رضا قریشی نے شہری لطیف چوہدری کی درخواست پر سماعت کی۔ وکیل درخواست گزار نے کہا کہ پنجاب میں نگراں حکومت کی آئین میں دی گئی میعاد مکمل ہو چکی، سپریم کورٹ نے الیکشن کی تاریخ میں توسیع کی لیکن نگران (بقیہ نمبر 46)

اسلام آباد: مریم اورنگزیب کی پریس کانفرنس جھوٹ کو دھکانے کے لیے تھی، شیریں مزاری

پاکستانیوں کی 436 آف شور کمپنیوں کا کیس کیوں عرصہ دراز سے زیر التوا ہے، سینیٹر مشتاق احمد خان

اسلام آباد (خبر نگار) جماعت اسلامی کے رہنما سینیٹر مشتاق احمد خان نے القادر ٹرسٹ کیس میں سابقہ کابینہ کے ارکان اور ملک ریاض ہیں ان کو بھی گرفتار اور شامل تفتیش کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ اشرافیہ کے نام پر بدمعاشیہ قانون سے بالاتر کیوں ہے، پاکستانیوں کی 436 آف شور کمپنیوں کا کیس کیوں عرصہ دراز سے زیر التوا ہے، اس (بقیہ نمبر 49)

بجٹ میں سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں 100 فیصد اضافہ نہ کیا گیا

تو اسلام آباد میں پارلیمنٹ ہاؤس کا گھیراو، سخت احتجاجی حکمت عملی ترتیب دی جائے گی، ایپکا

فیصل آباد (جنرل رپورٹر) آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن ایپکا کے سینئر مرکزی نائب صدر ڈویژنل صدر چوہدری ذوالفقار علی کاہلوں، جنرل سیکرٹری محمد افضل قریشی، چیئرمین رانا نایاب سرخورشید، میاں مقصود احمد عرفان خان، ڈویژن سرپرست عامر محمود اعوان، عامر منذیر گجر، چوہدری محمد رضوان گجر اور دیگر عہدیداران نے وزیراعظم پاکستان شہباز شریف اپیل کی کہ مختلف سرکاری محکمہ جات کے عارضی، متنازعہ اور امتیازی الاؤنسز کو ختم کر کے تمام سرکاری ملازمین کی تنخواہوں اور پنشنرز میں 100 فیصد اضافہ کیا جائے۔ بجٹ میں سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں 100 فیصد اضافہ نہ کیا گیا تو اسلام آباد میں پارلیمنٹ ہاؤس کا گھیراو کیا جائے گا اور سخت احتجاجی حکمت عملی ترتیب دی جائے گی، چوہدری ذوالفقار علی کاہلوں نے کہا کہ اس وقت سرکاری ملازمین گوناگوں مسائل سے دوچار ہیں، مہنگائی کے باعث ملازم پیشہ طبقہ سخت پریشانی سے دوچار ہے، بجٹ میں مہنگائی کے تناسب کو مد نظر رکھتے ہوئے (بقیہ نمبر 59)

خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی مظاہرین کے جلاؤ گھیراؤ سے نقصانات کی تفصیلی رپورٹ

پشاور (نیوز رپورٹر) خیبر پختونخوا میں دوروز میں پی ٹی آئی مظاہرین کے جلاؤ گھیراؤ سے نقصانات کی تفصیلی رپورٹ جاری کر دی گئی۔ پشاور، کوہاٹ، چارسدہ، تیمر گرہ سمیت کہاں کہاں سرکاری املاک کو نقصان پہنچا تفصیلات جاری کر دی گئیں۔